باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان ABC CERTIFIED

روزنامہ آئینہ کوئٹہ

Daily AAINA Quetta

قیمت 5 روپے

بانی: منصور الہدیٰ عباسی

ریذیڈنٹ ایڈیٹر: فہیم الزمان ملاخیل

چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان

ایڈیٹر فیصل کریم

03332831889 Daily.aaina94@gmail.com

جلد نمبر 30 | بروز جمعرات 30 جولائی 2026، 1447 ہجری | قیمت 05 روپے | شمارہ نمبر 202

امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر ضلع نوشکی میں 31 جولائی تک کرفیو نافذ

محکمہ داخلہ کے مطابق ڈپٹی کمشنر نوشکی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ سرکاری ملازمین، طبی عملے، ریسکیو سروسز اور یوٹیلٹی سروسز سے وابستہ ملازمین کو ضرورت کے مطابق کرفیو سے استثنیٰ دے سکے

امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر حکومتی احکامات پر مکمل عمل درآمد کریں، غیر ضروری نقل وحرکت سے گریز کریں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں

کوئٹہ) جی این ایم (بلوچستان حکومت نے ضلع نوشکی میں امن وامان کی خراب صورتحال کے پیش نظر کرفیو نافذ کردیا ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق کرفیو منگل کی رات 8 بجے سے 31 جولائی کی رات 8 بجے تک نافذ العمل رہے گا جس کے دوران شہریوں کی نقل وحرکت پر سخت پابندیاں عائد ہوں گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کرفیو کے دوران ضلع نوشکی میں بغیر اجازت گھروں سے نکلنے، نقل و

بقیہ 1 صفحہ 3 پر

سعودی عرب اور تجارتی بحری جہازوں پر حملوں کی مذمت کرتے ہیں، پاکستان

سعودی عرب اور تجارتی بحری جہازوں پر حملوں کی مذمت کرتے ہیں، سعودی عرب کو وسیع تر تنازع میں گھسیٹنے کی کوششیں باعث تشویش ہیں، کشیدگی پر گہری تشویش ہے

سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کیلئے پاکستان کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں، فلسطین پر اسرائیلی قبضہ برقرار رہنے تک مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن ممکن نہیں۔

نیویارک) جی این ایم (اقوام متحدہ میں پاکستانی مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ سعودی عرب اور تجارتی بحری جہازوں پر حملوں کی مذمت کرتے ہیں، فلسطین پر اسرائیلی قبضہ برقرار رہنے تک مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن ممکن نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سلامتی کونسل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ عاصم افتخار کا کہنا تھا کہ مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر

بقیہ 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف ڈینش اتھارٹی بورڈ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

صوبائی کابینہ کے اہم منصوبوں کی منظوری دے دی

حکومت عوامی فلاح و بہبود کے ایجنڈے پر پوری سنجیدگی سے عمل پیرا ہے اور کابینہ کے تمام فیصلوں پر بروقت اور مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

صوبائی کابینہ کے فیصلوں کا مقصد عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی، گڈ گورننس کا فروغ، امن وامان کی مزید بہتری، ترقیاتی عمل میں تیزی اور صوبے میں مؤثر انتظامی ڈھانچے کو مضبوط بنانا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا ایک اہم اجلاس بدھ کو چیف سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں عوامی فلاح، امن وامان، تعلیم، بلدیاتی نظام، ترقیاتی منصوبوں اور انتظامی امور سے متعلق

بقیہ 3 صفحہ 3 پر

زیارت دھرنا کمیٹی سے مذاکرات میں لیویز فورس کی بحالی کی کوئی یقین دہانی نہیں کرائی گئی، ضیاء لانگو

زیارت دھرنا کمیٹی سے ہونے والے مذاکرات کے دوران لیویز فورس کی بحالی کی کوئی یقین دہانی نہیں کرائی گئی

اگر احتجاج کرنے والی اپوزیشن جماعتیں لیویز کی بحالی چاہتی ہیں تو انہیں پارلیمانی طریقہ اختیار کرنا چاہیے

کوئٹہ) یو این اے (وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ زیارت دھرنا کمیٹی سے ہونے والے مذاکرات کے دوران لیویز فورس کی بحالی کی کوئی یقین دہانی نہیں کرائی گئی۔ انہوں نے واضح کیا کہ مذاکرات میں ایسا کوئی وعدہ شامل نہیں تھا جس میں لیویز کی بحالی کی ضمانت دی گئی ہو۔ انہوں نے کہا کہ اگر احتجاج کرنے والی اپوزیشن جماعتیں لیویز کی بحالی چاہتی ہیں تو انہیں

بقیہ 5 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کررہے ہیں

نیشنل لاجسٹکس کارپوریشن علاقائی تجارت کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کررہی ہے، احسن اقبال

بنیادی ڈھانچے، جدید ٹرانزٹ سہولیات اور انسانی وسائل کی ترقی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔

اسلام آباد (بی پی آئی) نیشنل لاجسٹکس کارپوریشن (این ایل سی) ملک کی تجارتی سرگرمیوں اور علاقائی روابط کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہی ہے، ترکمانستان کے سرحد آباد، ازبکستان کے ترمذ اور چین کے کاشغر میں فارورڈ ٹرانزٹ ٹریڈ مراکز کے قیام سے پاکستان کی وسطی ایشیا اور خطے کی دیگر منڈیوں تک تجارتی رسائی مزید

بقیہ 4 صفحہ 3 پر

معاون خصوصی ہارون اختر خان سے فاروق ستار کی ملاقات

مائیکرو، سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (بی پی آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان سے ایم کیو ایم کے سینئر رہنما فاروق ستار نے ملاقات کی، جس میں مائیکرو، سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر معاون خصوصی ہارون اختر خان نے کہا کہ ایس ایم ای سیکٹر ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، حکومت وزیراعظم شہباز شریف کے وژن کے مطابق ایس ایم ای سیکٹر کی ترقی کے لئے جامع

بقیہ 6 صفحہ 3 پر

محسن نقوی کا ڈی ایس پی مرید بگٹی شہید کو خراج عقیدت

بارکھان میں امن کی خاطر سینہ سپر ہونے والے بہادر ڈی ایس پی مرید بگٹی قوم کا فخر ہیں، وزیر داخلہ

اسلام آباد (بی پی آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے وطن کے لئے جان کی قربانی دینے والے بہادر ڈی ایس پی مرید بگٹی شہید کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ڈی ایس پی مرید بگٹی نے بارکھان کیعلاقے رکنی میں آپریشن پر جاتے ہوئے شہادت کا عظیم رتبہ پایا، ڈی ایس پی مرید بگٹی شہید، شجاعت، فرض شناسی اور قربانی کی لازوال مثال ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ بارکھان میں امن کی خاطر سینہ سپر ہونے

بقیہ 11 صفحہ 3 پر

راولاکوٹ میں مختلف عمارتوں پر مورچہ بند مسلح افراد فورسز پر حملہ آور ہیں، ایس ایس پی

راولاکوٹ (بی پی آئی) ترجمان آزاد جموں وکشمیر پولیس ایس ایس پی خاور علی شوکت نے کہا ہے کہ راولاکوٹ میں مسلح افراد شہر کی مختلف عمارتوں پر مورچہ بند ہیں جو فورسز پر حملہ آور ہو رہے

بقیہ 7 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ کی جانب سے ضلع قصور کے عوام کے لیے گرین بس سروس کا تحفہ

گرین بس سروس صرف ایک ٹرانسپورٹ منصوبہ نہیں بلکہ عوام کی زندگی میں آسانیاں پیدا کرنے کا ایک جامع اقدام ہے، مریم نواز شریف

قصور (بی پی آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوام دوست وژن کے مطابق پنجاب میں جدید، محفوظ اور ماحول دوست پبلک ٹرانسپورٹ کے فروغ کے سلسلے میں گرین بس سروس کی افتتاحی تقریبات قصور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، نارووال، وہاڑی اور گجرات میں بیک وقت منعقد ہوئیں۔ ان تمام اضلاع میں وزیراعلیٰ پنجاب نے

بقیہ 8 صفحہ 3 پر

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں فورسز کا آپریشن، 32 دہشت گرد ہلاک

خیبر میں 24 اور بلوچستان کے ضلع نوشکی میں آٹھ دہشتگرد ہلاک ہوئے، اسلحہ وگولہ بارود برآمد

راولپنڈی (بی پی آئی) سیکورٹی فورسز کی جانب سے گزشتہ 24 گھنٹوں میں خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشنز کے دوران 32 دہشت گرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق 28 اور 29 جولائی کی درمیانی رات ضلع خیبر میں انٹیلی جنس بنیاد پر ٹارگٹڈ آپریشن کیا گیا، خیبر میں کارروائی میں فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 24 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر

بقیہ 9 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر بحری امور سیقاز قستان کے سفیر کی الوداعی ملاقات

اسلام آباد (بی پی آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری سے قازقستان کے سفیر یرزہان کستافین نے الوداعی ملاقات کی۔ وزارت بحری امور سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں

بقیہ 10 صفحہ 3 پر

رانا مشہود احمد خاں کا کامن ویلتھ یوتھ منسٹریل ٹاسک فورس اجلاس

کامن ویلتھ یوتھ پروگرام کی ادارہ جاتی شناخت کو برقرار رکھتے ہوئے سیکرٹریٹ کے اندر باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنایا جانا چاہیے

اسلام آباد (بی پی آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں نے کامن ویلتھ یوتھ منسٹریل ٹاسک فورس کے خصوصی اجلاس کی مشترکہ صدارت کرتے ہوئے نوجوانوں کی امنگوں اور بدلتی ضروریات سے ہم آہنگ، مستقبل پر مبنی کامن ویلتھ یوتھ پروگرام کے فروغ کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ دورچوکل اجلاس

بقیہ 16 صفحہ 3 پر

پرویز اشرف کے آزاد کشمیر انتخابات میں مبینہ دھاندلی کے سنگین الزامات

اسلام آباد (بی پی آئی) رہنما پیپلز پارٹی و سابق وزیراعظم پرویز اشرف نے آزاد کشمیر کے میرپور ڈویژن میں ہونے والے انتخابات میں مبینہ دھاندلی کے سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے

بقیہ 13 صفحہ 3 پر

پنجاب بھر سے غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلا کا عمل تیز

پولیس اب تک لاہور سمیت پنجاب بھر سے 37 ہزار افغانیوں سمیت غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کو ڈی پورٹ کرچکی

لاہور (بی پی آئی) پنجاب بھر سے غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلا کا عمل مزید کر دیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق پنجاب پولیس اب تک لاہور سمیت پنجاب بھر سے 37 ہزار افغانیوں سمیت غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کو ڈی پورٹ کرچکی جبکہ 214 غیر قانونی مقیم افراد ہولڈنگ پوائنٹس پر موجود ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ڈی پورٹ ہونے والوں میں 14 ہزار 954 مرد، 7254 خواتین، 14 ہزار 783 بچے شامل ہیں

بقیہ 17 صفحہ 3 پر

آئندہ 4 سال کیلئے حج پالیسی کا اعلان کردیا گیا، سرکاری سکیم کا کوٹہ 60 فیصد، پرائیویٹ کا 40 فیصد مقرر

اسلام آباد (بی پی آئی) وزارت مذہبی امور نے آئندہ چار سال کیلئے حج پالیسی کا اعلان کردیا ہے، حج 2027ء کیلئے درخواستوں کی وصولی 10 سے 15 دنوں میں شروع کی جائے گی،

بقیہ 15 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر تجارت سے سینٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن سیکرٹریٹ کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (بی پی آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے سینٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن) سیکرٹریٹ (سیکرٹریٹ کے وفد نے ملاقات کی۔ ترجمان وزارت تجارت کے مطابق

بقیہ 18 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی اور جے یو آئی کا پارلیمان میں مشترکہ حکمت عملی سے چلنے پر اتفاق

پارلیمان کے اندر حکومت کو لٹ ٹائم دیا جائے گا جبکہ آئندہ سیشن میں حکومتی اقدامات پر مشترکہ احتجاج بھی کیا جائے گا، ذرائع

اسلام آباد (بی پی آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور جمعیت علماء اسلام (ف) میں تعاون کی مشترکہ حکمت عملی طے پا گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی اور جے یو آئی (ف) کا پارلیمان میں مشترکہ حکمت عملی سے چلنے پر اتفاق ہوا ہے، پارلیمان کے اندر حکومت کو لٹ ٹائم دیا جائے گا جبکہ آئندہ سیشن میں حکومتی

بقیہ 19 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی کسی صورت کالعدم تحریک طالبان پاکستان کی حمایت نہیں کرتی، بیرسٹر گوہر

پرامن احتجاج ہر شہری کا آئینی حق ہے اور اسے نمٹانے کا طریقہ کار الگ ہونا چاہیے، جلسے میں آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائیگا

پاکستان تحریک انصاف کسی صورت کالعدم تحریک طالبان پاکستان کی حمایت نہیں کرتی، کالعدم ٹی ٹی پی سے وابستہ ہر شخص کو دہشت گرد سمجھا جانا چاہیے

اسلام آباد) جی این ایم (چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے 5 اگست کو پشاور میں بڑے جلسہ اور آئندہ لائحہ عمل کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرامن احتجاج ہر شہری کا آئینی حق ہے اور اسے نمٹانے کا طریقہ کار الگ ہونا چاہیے، جلسے میں آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائیگا۔ بیرسٹر گوہر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات ہی موجودہ سیاسی حالات میں

بقیہ 20 صفحہ 3 پر

وزیر تجارت سے سینٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن سیکرٹریٹ کے وفد کی ملاقات

سرمایہ کاری اور معاشی انضمام کو مضبوط بنانے کے لیے اہم علاقائی اقدامات بارے بریفنگ

اسلام آباد (بی پی آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے سینٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن (کیسرک) سیکرٹریٹ کے وفد نے ملاقات کی۔ ترجمان وزارت تجارت کے مطابق ملاقات میں وزیر تجارت جام کمال خان کو سیکرٹریٹ کے رکن ممالک کے درمیان تجارت، رابطوں، سرمایہ کاری اور معاشی انضمام کو مضبوط بنانے کے لیے اہم علاقائی اقدامات بارے بریفنگ دی گئی۔ وفد نے وزیر تجارت کو آگاہ کیا کہ ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے آنے والے ہفتوں میں بارڈر کنیکٹیویٹی اینڈ لاجسٹکس اپ گریڈ فیسلیٹی کی منظوری

بقیہ 21 صفحہ 3 پر

چھ ماہ میں چین میں سماجی لاجسٹکس کا مجموعی حجم 181 ٹریلین یوآن سے متجاوز

سماجی لاجسٹکس کے مجموعی حجم میں منظم اضافے کے ساتھ ساتھ اس کے ڈھانچے میں بھی نمایاں تبدیلیاں آئی ہیں، رپورٹ

بیجنگ (بی پی آئی) چین میں رواں سال کی پہلی ششماہی میں سماجی لاجسٹکس کا مجموعی حجم 181 ٹریلین یوآن سے تجاوز کر گیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق چائنا فیڈریشن آف لاجسٹکس اینڈ پرچیزنگ نے بدھ کو رواں سال کی پہلی ششماہی کے لاجسٹکس کی ترقی سے متعلق اعداد وشمار جاری کیے۔ اعداد وشمار کے مطابق رواں سال کی پہلی ششماہی میں چین میں سماجی لاجسٹکس کا مجموعی حجم 181.1 ٹریلین یوآن رہا، جو گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے

بقیہ 22 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

تین ہفتوں میں 107 ملزمان کو گرفتار کرکے بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد کرلیا، ترجمان

کوئٹہ (بی پی آئی) ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق صوبے بھر میں اشتہاری، مجرموں ملزمان اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران گزشتہ تین ہفتوں میں 107 ملزمان کو گرفتار

بقیہ 23 صفحہ 3 پر

جنگ بندی کے بعد پہلی بار ایران کا اردن میں امریکی فوجی اڈوں پر حملہ

تہران / ریاض / واشنگٹن (بی پی آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے اعلان کردہ دوسری جنگ بندی کے بعد پہلی بار ایران نے امریکا کے اڈوں پر حملہ کردیا ہے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب نے کہا کہ اردن میں امریکی فوجی اڈے اور

بقیہ 24 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اسماعیل خان، جمعیت کے سربراہ مولانا فضل الرحمان جامعہ عثمانیہ مریالی میں مجلس شوریٰ، اساتذہ اور طلبہ سے خطاب کررہے ہیں

کوئٹہ، صوبائی وزراء کابینہ کے اجلاس میں ہونے والے فیصلوں سے متعلق منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

سائبر فراڈ کے مراکز میں کام کے لیے لوگوں کو ورغلانے کے رجحان میں اضافہ

ان افراد کو زیادہ تر جعلی ملازمت کے اشتہارات کے ذریعے ورغلایا جاتا ہے، اقوام متحدہ

نیویارک / جنیوا (بی پی آئی) ہجرت سے متعلق اقوام متحدہ کے ادارے نے خبردار کیا ہے کہ مجرمانہ نیٹ ورکس لاکھوں افراد کی اسمگلنگ کررہے ہیں جن میں سے اکثر اعلیٰ تعلیم یافتہ اور روانی سے انگریزی بولنے والے ہیں تاکہ ان سے سائبر فراڈ کے مراکز میں کام لیا جاسکے، مزید یہ کہ اس طرح کے کیسز کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار مائیگریشن (آئی او ایم) نے وضاحت کی کہ متاثرہ افراد کو اکثر جعلی ملازمت کے اشتہارات کے ذریعے ورغلایا جاتا ہے، جو زیادہ تر سوشل میڈیا کے ذریعے شائع کیے جاتے ہیں اور ان میں بیرون ملک کام کا وعدہ کیا جاتا ہے۔ ان افراد کی شناختی دستاویزات ضبط کرلی

بقیہ 25 صفحہ 3 پر

پاکستان کی آبادی میں تیزی سے اضافہ ایک سنگین قومی چیلنج ہے، مختار احمد بھرتھ

بڑھتی ہوئی آبادی پر قابو پانے کے لیے انفرادی شعور، سماجی ذمہ داری اور مؤثر آگاہی مہمات وقت کی اہم ضرورت ہیں، وزیر مملکت

اسلام آباد (بی پی آئی) وزیر مملکت برائے قومی صحت ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ پاکستان کی آبادی میں تیزی سے اضافہ ایک سنگین قومی چیلنج ہے جس سے نمٹنے کے لیے مؤثر اقدامات اور عوامی آگاہی ناگزیر ہے۔ زچہ و بچہ کی صحت اور خاندانی منصوبہ بندی کے سامان کی حوالگی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر موجودہ رفتار برقرار رہی تو 2040 تک پاکستان کی آبادی 40 کروڑ تک پہنچ سکتی ہے، جس

بقیہ 12 صفحہ 3 پر

پاکستانی بندرگاہیں وسطی ایشیا کیلئے ٹرانزٹ ہب بن سکتی ہیں، جنید انوار چوہدری

وفاقی وزیر بحری امور سیقاز قستان کے سفیر کی الوداعی ملاقات، پاکستانی بندرگاہوں کے ذریعے تجارت بڑھانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (بی پی آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری سے قازقستان کے سفیر یرزہان کستافین نے الوداعی ملاقات کی۔ وزارت بحری امور سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں پاکستانی بندرگاہوں کے ذریعے دوطرفہ تجارت کے فروغ، شپنگ، تجارتی سہولت کاری اور علاقائی روابط بہتر بنانے سمیت بحری تعاون بڑھانے پر

بقیہ 14 صفحہ 3 پر

کینیڈا 139 ملین ڈالر کی منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام، متعدد بھارتی نژاد ڈرائیور گرفتار

تحقیقات میں ایک ایسے غیر قانونی تجارتی ٹرانسپورٹ نیٹ ورک کا انکشاف ہوا، جس سے بھارتی نژاد افراد کے روابط سامنے آئے ہیں، کینیڈین

ٹورنٹو (بی پی آئی) کینیڈا میں سرحد پار اسمگلنگ کے ایک نیٹ ورک کے خلاف کارروائی کے دوران متعدد بھارتی نژاد ٹرک ڈرائیوروں کو گرفتار کرلیا گیا۔ بھارتی نشریاتی ادارے این ڈی ٹی وی کے مطابق کینیڈین حکام نے گرفتار ملزمان سے 139 ملین ڈالر مالیت کی تقریباً 1.7 ٹن غیر قانونی منشیات برآمد کی ہیں۔ بھارتی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق یہ کارروائی کینیڈا کے پروجیکٹ بے کے تحت کی گئی جس کا مقصد غیر قانونی منشیات کی سرحد پار ترسیل کے خلاف کریک ڈاؤن کرنا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ تحقیقات میں ایک ایسے غیر قانونی تجارتی ٹرانسپورٹ نیٹ ورک کا انکشاف ہوا جس سے بھارتی نژاد افراد کے روابط سامنے

بقیہ 31 صفحہ 3 پر

جاپان میں قیامت خیز زلزلہ سے ہلاکتیں بڑھ کر 13 ہوگئیں، شاپنگ مال ملبے کا ڈھیر بن گیا

36 ہزار گھروں کی بجلی تاحال بحال نہیں ہوسکی، شدید گرمی کے باعث ہیٹ اسٹروک کا خطرہ بھی بڑھ گیا، رپورٹ

ٹوکیو (بی پی آئی) جاپان کے جنوبی جزیرے کیوشو میں آنے والے 7.1 شدت کے طاقتور زلزلے کے بعد امدادی کارروائیاں تیزی سے جاری ہیں، جبکہ ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 13 ہوگئی ہے۔ ریسکیو اہلکار ملبے تلے دبے افراد کو نکالنے کے لیے وقت کے خلاف جدوجہد کررہے ہیں۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق زلزلے سے کوماموتو کے قریب واقع ایون مال کی عمارت کو شدید نقصان پہنچا۔ زلزلے کے تقریباً ایک گھنٹے بعد وہاں مہیب طور پر دھماکا بھی ہوا، جس کے بعد عمارت کا بڑا حصہ منہدم ہوگیا۔ ریسکیو ٹیموں نے ملبے سے آٹھ افراد کو زندہ نکالا، تاہم ان میں سے تین بعد میں دم توڑ گئے۔ مال انتظامیہ کے مطابق تقریباً 2,700

بقیہ 32 صفحہ 3 پر

امریکا اور متحدہ عرب امارات کا مشترکہ اے آئی ٹاسک فورس قائم کرنے کا اعلان

واشنگٹن (بی پی آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) نے متحدہ عرب امارات کے ساتھ مل کر پہلی دوطرفہ مصنوعی ذہانت) اے آئی (ٹاسک فورس کے قیام کا اعلان کردیا ہے جس کا مقصد

بقیہ 27 صفحہ 3 پر

جرمنی نے طالبان حکومت کے بعد پہلی بار مجرمانہ ریکارڈ کے بغیر افغانی کو ملک بدر کردیا

برلن (بی پی آئی) وزیر داخلہ الیگزینڈر ڈوبرینڈ نے کہا ہے کہ طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد جرمنی نے پہلی بار مجرمانہ ریکارڈ کے بغیر کسی افغان شہری کو ملک بدر کیا۔ ڈوبرینڈ کے مطابق سیاسی پناہ کا دعویٰ ختم ہوجانے کے بعد اس شخص کی ملک بدری ضروری ہوگئی تھی۔ اس نے کسی دوسرے یورپی ملک میں آباد ہونے کی کوشش کی تھی لیکن وہ وہاں غیر قانونی طور پر مقیم پایا گیا۔ واپس جرمنی

بقیہ 30 صفحہ 3 پر

محکمہ مواصلات میں شفافیت، معیار اور وقت تکمیل کو یقینی بنایا جارہا ہے، سلیم کھوسہ

حکومت کی ترقیاتی حکمت عملی کا اہم حصہ ہے عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے اور صوبے کے مختلف اضلاع کو آپس میں مربوط کرنے کے لیے متعدد منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے

عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے معیاری تعمیرات، بہتر سڑکوں اور جدید انفراسٹرکچر کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی تاکہ بلوچستان ترقی اور خوشحالی کی راہ پر مزید آگے بڑھ سکے

کوئٹہ) اے این این (صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سڑکوں، پلوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کی تعمیر حکومت کی ترقیاتی حکمت عملی کا اہم حصہ ہے عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے اور صوبے کے مختلف اضلاع کو آپس میں مربوط کرنے کے لیے متعدد منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے یہ بات انہوں نے صحافیوں کے وفد سے بات چیت

بقیہ 26 صفحہ 3 پر

مودی کیخلاف پوسٹس پر دہلی پولیس کا کریک ڈاؤن، متعدد سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو نوٹس جاری

احتجاج کے دوران شیئر پوسٹس، ویڈیوز اور تبصرے فوری طور پر ہٹائے جائیں، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو ہدایت

نئی دہلی (بی پی آئی) دہلی پولیس نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی اور سیکیورٹی فورسز کے خلاف توہین آمیز و نازیبا پوسٹس شیئر کرنے پر متعدد نیوز پورٹلز اور سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو نوٹس جاری کر دیئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پولیس نے مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو بھی ہدایت کی ہے کہ احتجاج کے دوران شیئر کی گئی ایسی پوسٹس، ویڈیوز اور تبصرے فوری طور پر ہٹائے جائیں جن میں مودی کے خلاف نازیبا زبان استعمال کی گئی ہو۔ بھارتی حکام کے مطابق کئی متنازع پوسٹس پہلے ہی حذف کروائی جا چکی ہیں جبکہ نگرانی کا عمل مسلسل جاری ہے۔ دہلی پولیس کے مطابق اس کی سائبر اور سوشل میڈیا ٹیمیں احتجاج سے متعلق آن لائن

بقیہ 28 صفحہ 3 پر

عراق کو نئی جنگ میں نہ دھکیلو، مقتدی الصدر کی ایران اور اتحادی ملیشیاؤں کو وارننگ

تمام فریقین ایسے اقدامات سے گریز کریں جو خطے میں مزید کشیدگی کا باعث بنیں، بااثر شیعہ رہنما

بغداد (بی پی آئی) عراق کے بااثر شیعہ رہنما مقتدی الصدر نے ایران کی پاسداران انقلاب اور اس سے وابستہ مسلح گروہوں پر زور دیا ہے کہ وہ عراق کی سرزمین کو کسی بھی قسم کی فوجی کارروائی کے لیے استعمال نہ کریں اور ملک کو ایک نئی جنگ میں دھکیلنے سے گریز کریں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری اپنے بیان میں مقتدی الصدر نے کہا کہ ایران کی پاسداران انقلاب کو عراق کی سرزمین سے دور رہنا چاہیے اور ایسی سرگرمیوں سے اجتناب کرنا چاہیے جو عراق کے لیے نئے خطرات پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ بے قابو ملیشیاؤں کو خلیجی

بقیہ 29 صفحہ 3 پر

ملتان، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن ہنوقافلہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان پی۔ ٹیوٹا کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچ عوام کی مایوسی میں اضافہ ہورہا ہے، میر رحیم جتک

بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے، اس کا حل بھی سیاسی مذاکرات میں ہی مضمر ہے، رہنما بی این پی

کوئٹہ (بی پی آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور معروف قبائلی شخصیت میر عبدالرحیم جتک نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ بنیادی طور پر ایک سیاسی مسئلہ ہے جس کا پائیدار حل صرف اور صرف سیاسی مذاکرات، باہمی اعتماد اور عوامی نمائندوں کو اعتماد میں لینے سے ہی ممکن ہے۔ غیر سنجیدہ اور وقتی اقدامات سے نہ صرف مسائل میں اضافہ ہورہا ہے بلکہ بلوچ عوام میں احساسِ محرومی اور مایوسی بھی بڑھ رہی ہے۔ کوئٹہ میں صحافیوں کے ایک گروپ سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے مختلف مسائل کا سامنا کر رہے ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ وفاق اور متعلقہ ادارے سیاسی بصیرت کا مظاہرہ کرتے ہوئے تمام جمہوری قوتوں کو ساتھ لے کر چلیں۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کے استعمال کے بجائے سیاسی مکالمہ ہی دیرپا امن اور استحکام کی ضمانت بن سکتا ہے۔ میر عبدالرحیم جتک نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان

کوئٹہ، متروکہ وقف املاک لیز پر لینے والے حاجی شمس اللہ، حاجی الحمدوین، حاجی احمد، حاجی نعمت اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

چیف آف کلپر، وڈیرہ جلال خان کلپر کی زیرِ صدارت ڈیرہ بگٹی میں اہم عوامی اجلاس

عوامی مسائل، سوئی تا کشمور روڈ کی بدامنی اور ترقیاتی فنڈز میں شفافیت کا مطالبہ

ڈیرہ بگٹی (بی پی آئی) چیف آف کلپر، وڈیرہ جلال خان کلپر کی زیرِ صدارت بدھ کو ایک اہم عوامی اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف قبائل کے معتبرین، بزرگوں، نوجوانوں اور عام شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف آف کلپر نے سوئی تا کشمور روڈ کی بدامنی، عوامی مشکلات اور ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ بدعنوانی پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس اہم شاہراہ پر عوام کئی برسوں سے مسائل کا شکار ہیں، لیکن ذمہ دار ادارے اور منتخب نمائندے مؤثر اقدامات کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ انہوں نے ایم پی اے، ایم این اے، ٹان چیئرمین، متعلقہ حکومتی اداروں اور حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ وہ عوام کو بتائیں کہ ترقیاتی منصوبوں کے لیے آنے والے فنڈز کہاں خرچ ہوئے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب اربوں روپے کے بجٹ منظور ہوئے تو آج بھی متعدد کالونیاں بنیادی سہولیات سے کیوں محروم ہیں۔ چیف آف کلپر نے پی پی ایل (PPL) کے ترقیاتی فنڈز کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تقریباً 67 ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز عوام کی فلاح پر کہاں خرچ ہوئے، اس کی شفاف تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں۔ انہوں نے پی پی ایل کے نمائندوں کے انتخاب کے طریقہ کار پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ اگر ہمارا نظام جمہوری ہے تو پھر نمائندوں کا انتخاب شفاف انتخابات کے ذریعے

بہترین کارکردگی پر پولیس افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے

نصیر آباد ڈویژن کے سیاسی و سماجی رہنماؤں کا مطالبہ

اوستہ محمد (بی پی آئی) اوستہ محمد بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران کی مکمل حوصلہ افزائی کی جائے گی پولیس افسران و اہلکاروں کی حوصلہ افزائی سے نصیر آباد ڈویژن میں امن وامان قائم ہوسکتی ہے ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر ڈیرہ مراد جمالی عوام دوست پولیس افیسر انسپکٹر سرور مینگل اور ایس ایچ او سٹی اوستا محمد و بنگ پولیس افیسر ندیم بخرانی نے چارج سنبھالتے ہی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈان شروع کردیا جس کے خوف سے جرائم پیشہ عناصر نصیر آباد کی سرزمین چھوڑ کر رفو چکر ہوگئے ان خیالات کا اظہار اوستہ محمد کے رہائشی سیاسی و سماجی رہنما محمد حنیف بختیارزئی بلوچ جانب علی لہڑی محمد صلاح کورائی جمیل احمد جمالی جان زیب بلوچ ملک سلطان احمد مستوئی نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ ڈی ایس پی ڈیرہ مراد جمالی ٹمن علی ایس ایچ او انسپکٹر سرور مینگل اور ڈی ایس پی اوستا محمد داد کھوسہ ایس ایچ او ندیم بخرانی میں اپنے اپنے علاقوں میں مختصر عرصے میں متعدد جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لا کھڑا کر دیا

لاکھڑا کا مرکزی روڈ 4 سال بعد بھی بحال نہ ہوسکا، شہری شدید مشکلات سے دوچار

ٹینڈر منظور ہونے کے باوجود کام شروع نہ ہوسکا، وزیر اعلیٰ بلوچستان اور جام کمال خان سے فوری نوٹس کا مطالبہ

اوتھل (بی پی آئی) لسبیلہ کی تحصیل لاکھڑا کا مرکزی روڈ چار سال بعد بھی بحال نہ ہوسکا، شہری شدید مشکلات سے دوچار تفصیلات کے مطابق لسبیلہ کی تحصیل لاکھڑا کا مرکزی روڈ 2022 کے تباہ کن سیلاب میں شدید متاثر ہونے کے باوجود چار سال گزر جانے کے بعد بھی بحال نہ ہوسکا، جس کے باعث علاقے کے مکین روزمرہ زندگی میں شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں بارشوں اور چھوٹے سیلاب ریلہ آنے سے لاکھڑا کے علاقہ مکیوں کا زمینی رابطہ منقطع ہوجاتا ہیں مقامی ذرائع کے مطابق سیلاب کے باعث سڑک کو شدید نقصان پہنچا تھا، تاہم طویل عرصہ گزرنے کے باوجود تعمیر و مرمت کا عملی کام شروع نہیں کیا جاسکا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اوتھل، لاکھڑا اور لیاری روڈ کی تعمیر کا ٹینڈر تقریباً دو سے تین ماہ قبل منظور ہوچکا ہے، مگر تاحال منصوبے پر کام کا آغاز نہیں کیا گیا۔ علاقہ مکینوں کے مطابق خستہ حال سڑک کی وجہ سے آمد و رفت، مریضوں کی بروقت منتقلی، طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں اور مسافروں کو روزانہ شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔۔

صحبت پور، متنازع کینال کی تعمیر پر پولیس کا ایکشن، ہیوی مشینری قبضے میں لے لی گئی

حکومتِ بلوچستان کی پابندی کے باوجود سندھ سے کام جاری تھا، ایس پی خلیل اللہ کا کٹر

صحبت پور (بی پی آئی) صحبت پور متنازع کینال صحبت پور پولیس بھی کود پڑی۔ ایس پی صحبت خلیل اللہ کاکڑ نے دو ایکسیویٹر قبضے میں لئے ایک پولیس تھانہ ملک محمد علی شہید کے حوالے ایک پولیس تھانہ صحبت پور کے حوالے کیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ جیکب آباد کی طرف سے جیرو دین ڈریج میں نہر ڈالنے کا حکومت بلوچستان کے روکنے کے باوجود کام جاری تھا کسی کے حکم پر پولیس درمیان میں کود پڑی ایس پی صحبت پور خلیل اللہ کاکڑ نے کاروائی کرتے ہوئے ہیوی مشینری دو ایکسویٹر قبضے میں لے لیا ڈرائیور سمیت ایک پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کے حوالے کیا ایک پولیس تھانہ صحبت پور کے حوالے کیا۔ بلوچستان حکومت کی بغیر اجازت کے کینال کا کام جاری تھا۔ پولیس کو مجبوری تھی متحرک ہونا۔

بارکھان میں ڈی ایس پی کی شہادت کی شدید مذمت، شہید کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، عبدالغفور جعفر

دہشت گردی کے پیچھے بیرونی عناصر ملوث ہیں، پیپلز پارٹی کی جانب سے شہدا کے اہل خانہ سے تعزیت اور یکجہتی کا اظہار

کوئٹہ (بی پی آئی) پاکستان پیپلز پارٹی لورالائی ڈویژن کے جنرل سیکرٹری عبدالغفور جعفر نے بارکھان میں ڈی ایس پی کی شہادت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید کا خون رائیگاں نہیں جائے گا اور دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشت گرد تک جاری رہیں گی۔ اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے شہید افسر کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی لورالائی ڈویژن غم کی اس گھڑی میں لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ریاستی اداروں کی ہر ممکن حمایت جاری رکھے گی۔ عبدالغفور جعفر نے الزام عائد کیا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے پیچھے بیرونی عناصر اور ان کے مبینہ پراکسی کردار موجود ہیں، جبکہ بعض قوم پرست جماعتیں ان کے بیانیے کو تقویت دے رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں میں عوام کے مسائل حل کرنے اور نوجوانوں کو تعلیم و ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے بجائے انہیں تشدد اور نفرت کی سیاست کی طرف دھکیلا گیا، جس کے منفی اثرات آج بھی بلوچستان بھگت رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا مؤقف واضح ہے

اوتھل، مرکز روح الاسلام طاہریہ میں عرسِ مبارک حضرت مجدد الف ثانی نہایت عقیدت و احترام سے منعقد

اوتھل (بی پی آئی) المرکز روح الاسلام طاہریہ جن آباد اوتھل میں ضلعی ماہانہ پروگرام بسلسلہ عرسِ مبارک حضرت سیدنا امام ربانی مجدد منور الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد المرکز روح الاسلام طاہریہ جن آباد اوتھل میں حضرت سیدنا امام ربانی مجدد منور الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے عرسِ مبارک کے سلسلے میں ایک عظیم الشان روحانی، علمی اور اصلاحی ضلعی ماہانہ پروگرام نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد ہوا۔ اس بابرکت اجتماع کا اہتمام جماعت اصلاح المسلمین ضلع لسبیلہ زون ون اور روحانی طلبہ جماعت ضلع لسبیلہ کے زیرِ

گوادر سٹی پولیس نے پنجاب سے تعلق رکھنے والے 12 مبینہ فراری افراد کو بحفاظت بازیاب جبکہ تین ملزمان کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (بی پی آئی) گوادر سٹی پولیس نے کارروائی کے دوران پنجاب سے تعلق رکھنے والے 12 مبینہ فراری افراد کو بحفاظت بازیاب کرلیا جبکہ تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے کارروائی کے دوران پانچ گاڑیاں بھی اپنی تحویل میں لے لیں۔ پولیس کے مطابق کارروائی ڈی آئی جی مکران ریچ عمران قریشی اور ایس ایس پی گوادر عطاء الرحمٰن کی ہدایت پر نیو ملا بند کے علاقے میں کی گئی۔ گرفتار ملزمان میں نادر شاہ ولد قادر داد شاہ، سکنہ آواران حال گوادر، عبدالماجد ولد شیر محمد، سکنہ پنجگور حال گوادر، اور ظہیر الدین شاہ ولد عطاء محمد شاہ، سکنہ آواران حال گوادر شامل ہیں۔

غزہ کے 60 فی صد حصے پر کنٹرول، 70 تک بڑھائیں گے، اسرائیلی وزیر دفاع

تل ابیب (بی پی آئی) اسرائیلی وزیر دفاع یسرائیل کاٹز نے زور دے کر کہا ہے کہ اسرائیل اس وقت غزہ کی پٹی کے 60 فی صد سے زائد علاقے پر کنٹرول رکھتا ہے، تل ابیب اپنے کنٹرول کا دائرہ کار 70 فی صد تک بڑھانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کاٹز نے باور کرایا کہ حماس تنظیم غزہ کی پٹی میں باقی نہیں رہے گی۔ ایک انٹرویو میں کاٹز نے کہا کہ غزہ میں ہماری پوزیشن انتہائی مضبوط ہے، ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔

گرین پاکستان پارٹی کے مرکزی چیئرمین عبدالہادی کاکڑ ایڈووکیٹ آل پاکستان آرکی فیڈریشن کی جانب سے تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ڈاکٹر راجح تمی البگانی پاکستان کیلئے سعودی عرب کے نئے سفیر نامزد

اسلام آباد (بی پی آئی) سعودی حکومت نے پاکستان میں اپنا نیا سفیر نامزد کردیا، نئے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح تمی البگانی جلد چارج سنبھالیں گے۔ ذرائع کے مطابق نامزد سفیر سال 2024ء میں میجر جنرل کے عہدے سے سبکدوش ہوئے، ریٹائرمنٹ کے بعد سعودی وزارت خارجہ میں شمولیت اختیار کی جہاں انہیں سفیر کے عہدے پر تعینات کیا گیا۔ انہیں پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر کے طور پر نامزد کیا گیا۔ انہوں نے گزشتہ روز ولی عہد اور وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان کے سامنے اپنے عہدے کا حلف اٹھایا۔

بارکھان میں شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کی نماز جنازہ عیدگاہ بارکھان میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کردی گئی

بارکھان (بی پی آئی) بارکھان میں شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کی نماز جنازہ عیدگاہ بارکھان میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کردی گئی۔ نماز جنازہ میں ڈی آئی جی کوہ سلیمان ریچ ایاز احمد بلوچ، ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ، ونگ کمانڈنٹ ایف سی بارکھان کرنل یونس خان، ایس پی بارکھان عبدالحق، پولیس و ایف سی کے افسران، اہلکاروں، قبائلی عمائدین، معززین علاقہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر فضا انتہائی سوگوار رہی اور شرکاء نے شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کی جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ خدمات کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

چین کی حوثیوں سے جہازوں کو بحیرہ احمر میں محفوظ راستہ دینے کی درخواست

بیجنگ (بی پی آئی) چین نے حوثیوں سے جہازوں کو بحیرہ احمر میں محفوظ راستہ دینے کی درخواست کردی۔ چین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق چین نے حوثیوں سے براہ راست مذاکرات کیے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ مذاکرات کا مقصد سعودی عرب کی بندرگاہوں سے چین جانے والے تیل بردار جہازوں کی محفوظ آمد و رفت کو یقینی بنانا ہے۔ رپورٹ کے مطابق حوثیوں نے 20 جولائی کو سعودی بندرگاہوں کی ناکہ بندی کرنے کا اعلان کیا تھا۔۔

پنجگور، تحصیل پروم میں طوفانی ہواں اور بارش سے تباہی، سولر پینلز اور کھجور کی فصلیں شدید متاثر

زراعت کو لاکھوں روپے کا نقصان؛ متاثرہ زمینداروں کا ڈپٹی کمشنر اور انتظامیہ سے فوری امداد کا مطالبہ

پنجگور (بی پی آئی) پنجگور کے سرحدی تحصیل پروم میں طوفانی ہواوں اور بارش سے بڑے پیمانے پر مالی نقصانات زمینداروں کے سولر فلیٹ اور کھجور کی فصل آندھی اور بارش کی نظر ہوگئے آمدہ اطلاعات کے مطابق پنجگور کی تحصیل پروم کے مختلف علاقوں جن میں دز پروم، کلگ کور و دیگر علاقے شامل ہیں شدید تیز آندھی اور طوفانی بارشوں کی وجہ سے زمینداروں کی تیار فصلات کھجور، کپاس کو شدید نقصان پہنچا ہے اور زمینداروں کے لاکھوں روپے مالیت کے سولر سسٹم شدید آندھی کی وجہ سے ٹوٹ گئے، جس کی وجہ سے غریب زمینداروں کو لاکھوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑا ہے، اہلیان پروم اور متاثرہ زمینداروں نے اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر اور دیگر ذمہ داروں سے اپیل کی کہ فوراً ایک جائزہ ٹیم تشکیل دے کر علاقائی نقصانات کا جائزہ لیں اور نقصانات کا تخمینہ لگا کر متاثرہ زمیندار کی فوری مالی مدد کریں تاکہ وہ مزید معاشی پریشانیوں سے بچ سکیں۔

کوئٹہ، صوبائی وزیر کیبوڈیٹی جینٹ ڈپارٹمنٹ و چیئرمین فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد مرادی اپنے آفس میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں۔

گنداخہ، کھیر تھر کینال کی ٹیل شاخوں میں پانی کی عدم فراہمی، سینکڑوں کاشتکار شدید مشکلات کا شکار

پانی چوری، محکمہ ایریگیشن کی غفلت سے فصلیں اور مال مویشی متاثر؛ میر احمد علی صوبدرانی جمالی کا فوری ایکشن کا مطالبہ

گنداخہ (بی پی آئی) معروف زمیندار میر احمد علی صوبدرانی جمالی نے کہا ہے کہ کھیر تھر کینال کی ڈیلی ٹیل شاخوں اور نہروں میں تاحال زرعی پانی نہ پہنچنے کے باعث سینکڑوں کاشتکار شدید مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ وسیع زرعی رقبہ بنجر ہوتا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی کی غیر منصفانہ تقسیم، بااثر عناصر کی مبینہ مداخلت اور محکمہ ایریگیشن کی ناقص حکمت عملی نے گزشتہ کئی دہائیوں سے نہری نظام کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اپر کھیر تھر کینال کے بعض بااثر زمیندار، سیاسی شخصیات اور محکمہ ایریگیشن کے بعض اہلکاروں کی مبینہ ملی بھگت سے غیر قانونی طور پر پانی چوری کیا جارہا ہے، جس کا براہ راست نقصان ٹیل کے علاقوں کے غریب کاشتکاروں کو برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ میر احمد علی صوبدرانی جمالی نے بتایا کہ نور پور شاخ کے ٹیل، چوکی جمالی، میر واہ مائنر، گنداخہ، باغ ٹیل، چھچھ شاخ مائنر، قمبو شاخ مائنر، شاہن مائنر سمیت دیگر تمام ٹیل کی نہروں میں پانی نہ ہونے کے باعث کھیت ویران پڑے ہیں۔ شالی کی فصل تباہی کے دہانے پر ہے جبکہ مال مویشی کے لیے بھی پانی دستیاب نہیں۔ تالاب خشک ہوچکے ہیں، پینے کے پانی کی شدید قلت ہے، یہاں تک کہ بعض مقامات پر میت کو غسل دینے کے لیے بھی دور دراز علاقوں سے پانی لانا پڑتا ہے۔

گوادر پورٹ پر دوسرا اکمرشل بنکرنگ آپریشن کامیابی سے مکمل ہوگیا

زرنگ ٹیسٹ کوئٹہ کے بجائے خضدار میں منعقد کیا جائے، جھلاوان ایکشن کمیٹی کا پرزور مطالبہ

شدید مہنگائی اور طویل سفر کے باعث ہزاروں طلبہ مشکلات کا شکار ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان اور محکمہ صحت سے نوٹس کا اپیل

خضدار (بی پی آئی) جھلاوان ایکشن کمیٹی خضدار نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکریٹری بلوچستان، محکمہ صحت بلوچستان اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ نرسنگ ٹیسٹ کوئٹہ کے بجائے خضدار میں منعقد کیا جائے تاکہ خضدار اور گردونواح کے ہزاروں طلبہ و طالبات کو غیر ضروری سفری مشکلات اور اضافی اخراجات سے بچایا جاسکے۔ کمیٹی نے اپنے بیان میں کہا کہ ٹیسٹ لینے کے لیے چند ایک افسران اور عملہ درکار ہوگا، جبکہ دوسری جانب خضدار، جھلاوان اور ملحقہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں طلبہ و طالبات کو ٹیسٹ دینے کے لیے طویل سفر کے کوئٹہ جانا پڑے گا۔ موجودہ شدید مہنگائی کے دور میں عام اور متوسط طبقے کے طلبہ و طالبات کے لیے سفر، رہائش اور دیگر اخراجات برداشت کرنا انتہائی دشوار ہے۔ مزید یہ کہ موجودہ حالات بھی ایسے نہیں کہ ہزاروں طلبہ و طالبات بآسانی اور بلاخوف طویل سفر کرسکیں۔ جھلاوان ایکشن کمیٹی خضدار نے متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ طلبہ و طالبات کی مالی مشکلات، سفری دشواریوں اور موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے نرسنگ ٹیسٹ کا انعقاد کوئٹہ کے بجائے خضدار میں کیا جائے۔، تاکہ امیدواروں کو مساوی اور آسان مواقع فراہم ہوسکیں۔

یورپی یونین کی فرانسیسی سفارت کاروں کے خلاف ایرانی جارحیت کی مذمت

برسلز (بی پی آئی) یورپی یونین نے تہران میں ایرانی سکیورٹی سروسز کی طرف سے دو فرانسیسی سفارت کاروں کے خلاف رواں ماہ کی گئی جارحیت کی مذمت کی۔ یورپی یونین کی خارجہ پالیسی کے سربراہ کاپا کالس نے ایک بیان میں کہا کہ یورپی یونین واضح طور پر تہران میں فرانس کے سفارت خانے کے دو سفارت کاروں کے خلاف ایرانی

اقلیتی ونگ کے نائب صدر عامر جاوید کے والد کی وفات پر مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کا گہرے دکھ اور تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (بی پی آئی) صوبائی جنرل سیکرٹری وحید کاسی، صوبائی صدر عبدالمجید زہری، صوبائی نشر و اشاعت عامر شیخ، صوبائی نائب صدر محمد اعظم جدون، اور آرگنائزر شہباز حسین کھوکھر نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اقلیتی ونگ کے نائب صدر عامر جاوید کے والد محترم کی وفات کی خبر سن کر انتہائی دکھ اور صدمہ ہوا۔ اس مشکل گھڑی میں پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ بلوچستان آپ کے اور آپ کے تمام سوگوار خاندان کے ساتھ دلی کی گہرائیوں سے تعزیت کا اظہار کرتی ہے، اور آپ تمام اہل خانہ کو اس ناگہانی صدمے کو برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل اور حوصلے کے لیے دعا گو ہے۔

کراچی، عزیز آباد بلاک 8 میں گھر میں فائرنگ کا واقعہ، باپ جاں بحق، بیٹا زخمی

جاں بحق ہونے والے شہری کی شناخت سمیع الدین رحمانی اور زخمی بیٹے کی شناخت فصیح رحمانی کے نام سے ہوئی ہے، رپورٹ

کراچی (بی پی آئی) عزیز آباد بلاک 8 میں گھر میں فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں شہری جاں بحق، اس کا بیٹا زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے شہری کی شناخت سمیع الدین رحمانی اور زخمی بیٹے کی شناخت فصیح رحمانی کے نام سے ہوئی ہے، جاں بحق اور زخمی دونوں کو جناح ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس نے بتایا کہ زخمی کی حالت ایسی نہیں کہ وہ کچھ بتا سکے، جائے وقوعہ سے تمام شواہد اکٹھے کرکے واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کر رہے ہیں۔

کوئٹہ، رائٹ وے ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ریلیبلیٹیشن سینٹر کے ڈائریکٹر فضل محمد نورزئی کو پشتون اکیڈمی کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کتابوں کا تحفہ دے رہے ہیں

نئی سرکاری جامعات کے قیام کیلئے ایچ ای سی کا نیا فریم ورک تیار

مقررہ شرائط پوری کیے بغیر کسی نئی یونیورسٹی یا کیمپس کے قیام کی اجازت نہیں ہوگی، ذرائع

پشاور (بی پی آئی) ملک بھر میں سرکاری جامعات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) نے نئی جامعات کے قیام کے لیے جامع فریم ورک تیار کرلیا جس کے تحت مقررہ شرائط پوری کیے بغیر کسی نئی یونیورسٹی یا کیمپس کے قیام کی اجازت نہیں ہوگی۔ ذرائع کے مطابق نیا فریم ورک وزیر اعظم پاکستان کی ہدایات پر قائم کی گئی کمیٹی نے تیار کیا ہے جس کے بعد ایچ ای سی نے خیبر پختونخوا، پنجاب اور دیگر صوبوں کو اس حوالے سے مراسلہ بھی ارسال کردیا ہے۔ فریم ورک کے مطابق کسی بھی نئی جامعہ کے قیام سے قبل متعلقہ ادارے کو اس کی ضرورت، قیام کی وجوہات، وژن اور مشن واضح طور پر پیش کرنا ہوگا، اس کے علاوہ ایچ ای سی کی پیشگی منظوری کے بغیر کسی بھی یونیورسٹی کا نیا کیمپس قائم نہیں کیا جاسکے گا۔ دستاویز کے مطابق نئی یونیورسٹی کے لیے کم از کم 40 کنال اراضی کا ہونا لازمی قرار دیا گیا ہے، جبکہ یونیورسٹی کے مجموعی بجٹ کا کم از کم 5 فیصد تحقیق و ترقی (ریسرچ) کے لیے مختص کرنا ہوگا۔ مزید برآں، جامعات کو اپنی آمدن کا کم از کم 10 فیصد حصہ طلبہ کی سکالرشپس کے لیے مختص کرنا لازمی ہوگا، فریم ورک میں یہ بھی تجویز کیا گیا ہے۔۔

شکارپور، پولیس کا مسلح ڈاکوؤں کیساتھ مقابلہ، ایک ملزم گرفتار، 3 فرار

زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو چوری، ڈکیتی اور پولیس مقابلے سمیت 8 سے زائد مقدمات میں مطلوب تھا

شکارپور (بی پی آئی) جاکھن لنک روڈ پر پولیس اور مسلح ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس میں ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا جبکہ 3 موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس کے مطابق زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو چوری، ڈکیتی اور پولیس مقابلے سمیت 8 سے زائد مقدمات میں مطلوب تھا، زخمی ڈاکو کے قبضے سے ٹی ٹی پستول، گولیاں اور میگزین برآمد ہوئی۔ ملزم کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس حکام نے مزید بتایا کہ زخمی ڈاکو کے مفرور ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے کارروائیاں کی جارہی ہیں، پولیس

ایران آبنائے ہرمز پر غیر ضروری مطالبات کر رہا ہے، امریکی حکام

واشنگٹن (بی پی آئی) امریکی حکام نے کہا ہے کہ ایران آبنائے ہرمز پر غیر ضروری مطالبات کر رہا ہے، ایرانی مطالبات کو عمان، امریکا اور عالمی برادری نے مسترد کردیا ہے۔ اپنے بیان میں امریکی حکام نے کہا کہ زیر بحث معاہدہ صرف ہم آہنگی کے لیے ہے، کوئی ٹیکس یا فیس شامل نہیں۔ قبل ازیں ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم

افغان طالبان کو بڑا دھچکا، سینئر عہدیدار ذبیح اللہ قاتلانہ حملے میں ہلاک

کابل (بی پی آئی) افغانستان کے شمال مشرقی صوبے بدخشان میں طالبان حکومت کے محکمہ اطلاعات و ثقافت کے سربراہ ذبیح اللہ امیری مسلح افراد کے حملے میں جاں بحق ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ ضلع بہارک میں اس وقت پیش آیا جب ذبیح اللہ امیری اپنے دفتر جا رہے تھے۔

بلوچستان میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال اور شاہراہوں کی بندش پر تاجر برادری کی تشویش، میر مراد بلوچ

شاہراہوں کا غیر محفوظ ہونا معیشت کے لیے لمحہ فکریہ، حکومت اور فورسز سے فوری اقدامات کا مطالبہ

کوئٹہ (بی پی آئی) کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری اینڈ ٹریڈز کے صدر میر مراد بلوچ نے بلوچستان میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور کوئٹہ کو صوبے کے دور دراز اضلاع سے ملانے والی شاہراہوں پر جاری بدامنی اور رکاوٹوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت ہونے کے ساتھ ساتھ صحت، تجارت، تعلیم اور سرکاری امور کا مرکزی شہر ہے۔ ان شاہراہوں کی بندش اور غیر محفوظ صورتحال کے باعث لاکھوں شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ دور دراز علاقوں کے مریض بروقت علاج کے لیے کوئٹہ نہیں پہنچ پا رہے، جبکہ خوراک، ادویات، ایندھن اور دیگر ضروری اشیائے ضروریہ کی ترسیل بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ کاروباری سرگرمیاں تقریباً مفلوج ہوچکی ہیں، سپلائی چین متاثر ہے اور تاجر برادری کو بھاری مالی نقصان کا سامنا ہے۔ بلوچستان پاکستان کے تقریباً 44 فیصد رقبے پر مشتمل ہے، مگر عوام، تجارت اور ضروری سامان کی نقل و حمل کا انحصار چند اہم قومی شاہراہوں پر ہے۔ ان شاہراہوں کی مسلسل بندش اور غیر محفوظ صورتحال نہ صرف روزمرہ زندگی بلکہ معدنیات، زراعت، صنعت اور تجارت سمیت پوری صوبائی معیشت کو متاثر کر رہی ہے۔

پنجگور، نیوان ندی کی مرکزی شاہراہ شدید خستہ حالی کا شکار، شہریوں کو آمد و رفت میں دشواری

سراوان، خدابادان اور تپ کو ملانے والا اہم راستہ سالہا سال سے زبوں حالی کا شکار، حکومت اور انتظامیہ سے تعمیر کا مطالبہ

پنجگور (بی پی آئی) پنجگور کی مرکزی شاہراہ نیوان ندی شدید چتہ حالی کا شکار شہریوں کو آمد و رفت کیلئے مشکلات کا سامنا مرکزی شاہراہ نیوان ندی تقریباً 200 میٹر سڑک کا حصہ گزشتہ کئی سالوں سے خستہ حالی کا شکار ہے۔ گزشتہ حکومت کے دور میں پنجگور میگا پروجیکٹ کے تحت شہر کی مختلف مرکزی شاہراہوں کو ڈبل روڈ میں تبدیل کردیا گیا مگر نیوان ندی جو خس ت کشوں کی علاقے میں شمار ہوتا ہے نہ سڑک مکمل کی گئی، نہ پل تعمیر کیا گیا اور نہ ہی عوام کے لیے آمد و رفت کا کوئی مستقل حل نکالا جا سکا یہ اہم راستہ سراوان، خدابادان، تپ اور دیگر علاقوں کو آپس میں ملاتا ہے، جہاں سے روزانہ ہزاروں شہری اور گاڑیاں گزرتی ہیں۔ خستہ حال سڑک کے باعث نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے بلکہ گاڑیوں کو نقصان، مریضوں اور مسافروں کو مشکلات سمیت شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے علاقہ مکینوں خصوصاً اہلیان سراوان کا کہنا ہے کہ ایک دہائی گزرنے کے باوجود نیوان ندی روڈ کا مسئلہ حل نہیں کیا جاسکا جو عوام کے لیے ایک بڑا مسئلہ بن چکا ہے۔

دالبندین، اسکول بس کی چابیاں اور دستاویزات ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے حوالے

حاجی صادق خان سنجرانی اور میر اعجاز خان سنجرانی کی کاوشوں سے طلبہ کو سفری سہولت میسر آگئی، عوامی حلقوں

دالبندین (بی پی آئی) دالبندین اسکول بس کے دستاویزات اور چابیاں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے حوالے پروجیکٹ ڈائریکٹر علی لہڑی نے ضلع چاغی کے اسکولوں کے لیے فراہم کی ج

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان ABC CERTIFIED

روزنامہ آئینہ کوئٹہ

Daily AAINA Quetta

قیمت 5 روپے

بانی: منصور الہدیٰ عباسی

ریذیڈنٹ ایڈیٹر: فہیم ارمان خلیل

چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان

ایڈیٹر فیصل کریم

03332831889 Daily.aaina94@gmail.com

چیف ایڈیٹر و پبلشر عامر امیر اعوان نے روزنامہ آئینہ کوئٹہ پبلشرز پرنٹر پرائیویٹ لمیٹڈ میں چھپوا کر دفتر 9-13/28 پاکستان لائن کواری روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

جدیدیت کا سراب

شیخ جابر

معیشت کا ایک بنیادی اصول ہے کہ اگر آپ کوئی خطرے والی سرمایہ کاری کر رہے ہیں، تو کم از کم 10 فی صد منافع) آراو آئی (کی توقع تو کی جاتی ہے۔ گزشتہ دنوں کراچی کے ایک گنجان الیکٹرانکس بازار میں میری ملاقات ایک ایسے بے بس باپ سے ہوئی جس کے چہرے کی گہری جھریاں اس عالمی استحصالی نظام کی سفاکی کی پوری داستان سنا رہی تھیں۔ وہ اپنی ہونہار بیٹی کے لیے، جس کا حال ہی میں ایک اچھی یونیورسٹی میں داخلہ ہوا تھا، ایک لیپ ٹاپ خریدنے آیا تھا۔ اس نے مہینوں اپنی محدود تنخواہ سے پیٹ کاٹ کر کچھ رقم جوڑی تھی، بہ مشکل ایک بجٹ بنایا تھا کہ بچے کی تعلیم میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔ مگر دکان دار نے اسے جو قیمت بتائی، وہ اس کی جمع پونجی سے کہیں زیادہ تھی۔ جب اس نے حیرت اور مایوسی سے پوچھا کہ بھائی جان، پچھلے مہینے تو آپ نے اس کی قیمت بہت کم بتائی تھی، اچانک ایسا کیا طوفان آ گیا؟ تو دکاندار کا روکھا مگر حقیقت پر مبنی جواب تھا۔ صاحب، پیچھے سے چیزیں مہنگی ہو گئی ہیں۔ اسے کیا معلوم کہ مارکیٹ میں میموری چپس شارٹ ہیں۔ دنیا میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس کی جنگ چل رہی ہے، اس لیے ہر الیکٹرانک مشینری کی قیمت آسمان سے باتیں کر رہی ہے۔

لینا ہے تو لیں، کل یہ مزید مہنگا ہو جائے گا۔ دکان دار للکارا۔

وہ دکھی باپ تو شاید یہ سمجھ کر خالی ہاتھ لوٹ گیا کہ یہ ہماری ملکی معیشت کی کوئی خرابی یا دکاندار کی منافع خوری ہے، لیکن درحقیقت اس کی بیٹی کے لیپ ٹاپ کی قیمت ہزاروں کلومیٹر دور لڑی جانے والی ایک ایسی عالمی جنگ کی وجہ سے بڑھی تھی جس کا ایندھن مجھ اور آپ جیسے عام انسانوں کی جیب سے نکالا جا رہا ہے۔

ہم عام زندگی میں عموماً یہ سوچتے ہیں کہ سلیکان ویلی کے ارب پتی اپنے شیشے کے محلوں میں بیٹھ کر جو بھی کھیل کھیل رہے ہیں، اس کا ہمارے روزمرہ مسائل، ہمارے کچن یا ہماری جیب سے کیا تعلق؟ لیکن سرمایہ دارانہ نظام کا جال اتنا باریک، سفاک اور عالمگیر ہے کہ امریکا میں بیٹھی بڑی ٹیک کمپنیوں کی اندھی ہوس کا براہِ راست اثر کراچی، لاہور یا پشاور کے ایک عام شہری کی قوت خرید پر پڑتا ہے۔ ذرا جون 2026 کی ہی مثال لے لیجیے۔ ایپل کمپنی نے بغیر کوئی نیا ماڈل متعارف کرائے، اپنی مصنوعات کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ کر دیا۔ جب وجہ پوچھی گئی تو جواب آیا۔ میموری چپس اور اے آئی کی بڑھتی ہوئی لاگت۔ یعنی، ایک عام صارف، چاہے وہ دنیا کے کسی بھی کونے میں بیٹھا ہو، اب ان کمپنیوں کے مصنوعی ذہانت کے پاگل پن کا باقاعدہ ٹیکس ادا کر رہا ہے۔

آیئے! ذرا حقائق اور تازہ ترین اعداد و شمار کے بے رحم آئینے میں اس پاگل پن کا جائزہ لیں۔ آج کل ہر طرف اے آئی کا غلغلہ ہے۔ ہر اخبار، ہر اسکرین پر یہ بیانیہ بیچا جا رہا ہے کہ یہ کائنات کا حتمی معجزہ ہے، لیکن اس نام نہاد معجزے کی معاشی قیمت کیا ہے؟ 2020 میں دنیا کی چار بڑی ٹیک کمپنیاں اپنے بنیادی ڈھانچے پر مجموعی طور پر 90 ارب ڈالر خرچ کر رہی تھیں۔

یوسفی!

رامنظر حیات

مشتاق احمد یوسفی اردو نثر میں مزاج نگاری کی پیوند کاری کرتے ہیں۔ اور صاحب خوب کرتے ہیں۔ شائستگی اور نفاست سے بھرپور مزاج لکھنا انھیں کا خاصا ہے۔

مشتاق احمد یوسفی اردو نثر میں مزاج نگاری کی پیوند کاری کرتے ہیں۔ اور صاحب خوب کرتے ہیں۔ شائستگی اور نفاست سے بھرپور مزاج لکھنا انھیں کا خاصا ہے۔ کئی ماہ پہلے ایک کتاب موصول ہوئی جس کا نام تھا Glimpses، ایس ایم شاہد نے یوسفی صاحب کے چیدہ چیدہ کام کو انگریزی زبان میں ترجمہ کر کے لوگوں کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ یوسفی صاحب کو پڑھنے کا تو خیر اتفاق ہوا ہی ہے۔ بلکہ یوٹیوب پر ان کی زبانی اپنی کتابوں کے اقتباسات بھی دیکھنے اور سننے کو ملے ہیں۔ مشتاق احمد یوسفی مزاح نگاری میں کیا مقام رکھتے ہیں۔ اس کا اندازہ آپ کو چند اکابرین کے درج شدہ جملوں سے ہو جائے گا۔

اگر مزاحیہ ادب کے موجودہ دور کو ہم کسی نام سے منسوب کر سکتے ہیں تو وہ یوسفی صاحب کا نام ہے۔) ابن انشا (ہم اردو مزاح کے عہد یوسفی میں جی رہے ہیں۔) ڈاکٹر ظہیر فتح پوری (

یوسفی ایک ظرافت نگار کی حیثیت سے ایک نیا دبستان ہیں۔) مجنوں گورکھپوری (

ظرافت کے فن اور اس کے صحیفہ اخلاق کا یوسفی کے ہاں بڑا قابل تعریف رکھ رکھاو ملتا ہے۔ طنز و ظرافت میں جتنے Pitfalls ہوتے ہیں شعر و ادب کی شاید ہی کسی اور صنف میں ملتے ہوں۔ یوسفی اس منزل سے آسان اور کامیاب گزرے ہیں۔) رشید احمد صدیقی (

اب ذرا محترم یوسفی صاحب کی تحریر کی طرف آیئے۔ اس کتاب میں ایک صفحہ انگریزی ترجمہ ہے۔ اور بالکل سامنے مشتاق صاحب کی تحریر ہے۔ ویسے یہ بھی بہت نفیس اور اعلیٰ کام ہے۔ پہلا پتھر: اپنا مقدمہ بقلم خود لکھنا کار ثواب ہے کہ اس طرح دوسرے جھوٹ بولنے سے بچ جاتے ہیں۔ دوسرا فائدہ یہ کہ آدمی کتاب پڑھ کر قلم اٹھاتا ہے۔ ورنہ ہمارے نقاد عام طور سے کسی تحریر کو اس وقت تک غور سے نہیں پڑھتے جب تک انھیں اس پر سرقے کا شبہ نہ ہو۔ اس موقع سے جائز فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنا مختصر سا خاکہ پیش کرتا ہوں:

نام: سروق پر ملاحظہ فرمایئے۔

خاندان: سو پشت سے پیشہ آبا سپہ گری کے سوا سب کچھ رہا ہے۔

تاریخ پیدائش: عمر کی اس منزل پر آ پہنچا ہوں کہ اگر کوئی سن ولادت پوچھ بیٹھے تو اسے فون نمبر بتا کر باتوں میں لگا لیتا ہوں۔

پیشہ: گو کہ یونیورسٹی کے امتحانوں میں اول آیا لیکن اسکول میں حساب سے کوئی طبعی مناسبت نہ تھی۔ اور حساب میں فیل ہونے کو ایک عرصہ تک اپنے مسلمان ہونے کی آسمانی دلیل سمجھتا رہا پالتو جانوروں میں کتوں سے پیار ہے۔ پہلا کتا چوکیداری کے لیے پالا تھا۔ اسے کوئی چرا کر لے گیا۔ اب محض بر بنائے وضع داری پالتا ہوں کہ انسان کتے کا بہترین رفیق ہے۔

پڑیے گر بیمار: میں اس جسمانی تکلیف سے نہیں گھبراتا جو لازمہ علالت ہے۔ اسپرین کی صرف ایک گولی یا مارفیا کا ایک انجیکشن اس سے نجات دلانے کے لیے کافی ہے۔ لیکن اس روحانی اذیت کا کوئی علاج نہیں جو عیادت کرنے والوں سے مسلسل پہنچتی رہتی ہے۔ ایک دائم المرض کی حیثیت سے جو اس درد لا دوا کی لذت سے آشنا ہے میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ مارفیا کے انجیکشن مریض کے بجائے مزاج پرسی کرنے والوں کو لگائے جائیں تو مریض کو بہت جلد سکون آ جائے۔

یادش بخیر یا: انگریزوں کا وتیرہ ہے کہ وہ کسی عمارت کو اس وقت تک خاطر میں نہیں لاتے جب تک وہ کھنڈر نہ ہو جائے۔ اسی طرح ہمارے ہاں بعض محتاط حضرات کسی کے حق میں کلمہ خیر کہنا روا نہیں سمجھتے تا وقت کہ ممدوح کا چہلم نہ ہو جائے۔

ترقی یافتہ ممالک میں یہ رجحان عام ہے کہ تعلیم نہایت آسان اور تفریح روز بروز مشکل ہوتی جاتی ہے۔) مثلاً بی اے کرنا بائیں ہاتھ کا کھیل ہے مگر برج سیکھنے کے لیے عقل درکار ہے (ریڈیو ٹیلی ویژن سینما اور باتصویر کتابوں نے اب تعلیم کو بالکل آسان اور عام کر دیا ہے لیکن کھیل دن بدن گراں اور پیچیدہ ہوتے جا رہے ہیں۔ لہٰذا بعض نجی لڑکے کھیل سے جی چرا کر تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دینے لگے ہیں۔ اس سے جو سبق آموز نتائج رونما ہوئے ہیں وہ سیاست دانوں کی صورت میں ہم سب کے سامنے ہیں۔

رنر نہ بننے کی بڑی وجہ مرزا کے اپنے پینترے تھے۔ وہ اپنی وکٹ ہتھیلی پر لیے پھر رہے تھے۔ وہ کرتے یہ تھے کہ اگر گیند اپنی طرف آتی ہوتی تو صاف ٹل جاتے۔ لیکن اگر ٹیڑھی آتی دکھائی دیتی تو اس کے پیچھے بیٹ لے کر نہایت جوش و خروش سے دوڑتے) کپتان نے بہتیرا اشاروں سے منع کیا مگر وہ دو دفعہ گیند کو باونڈری لائن تک چھوڑنے گئے (۔

سیزر ماتاہری اور مرزا: تنخواہ ملتے ہی ہم نے گھر گرہستی کا ضروری سامان خرید ڈالا تا کہ کتا اس کی چوکیداری کر سکے لیکن والدین کی سمجھ میں آنے والا جو فوری فائدہ ہم نے سردست بیان کیا اس سے اپنے معصوم بچوں کو جان بوجھ کر محروم رکھنے کے لیے پتھر کا کلیجہ چاہیے۔ وہ فائدہ یہ تھا کہ آخر کو یہ ایک انگریز کا کتا تھا اور یہ کون نہیں جانتا کہ ہمارے ہاں ان پڑھ سے ان پڑھ آدمی بھی اپنے کتے کا نام انگریزی میں رکھتا ہے اور انگریزی ہی میں اس سے بات چیت اور ڈانٹ ڈپٹ کرتا ہے۔ چنانچہ ہم نے اشارتاً توجہ دلائی کہ اس کی وجہ سے بچوں کو انگریزی بولنا آ جائے گی۔ ہمارے دور کے سب سے بڑے مزاح نگار ابن انشا کے بارے میں کہیں عرض کر چکا ہوں کہ بچھو کا کاٹا روتا اور سانپ کا کاٹا سوتا ہے۔ انشا جی کا کاٹا سوتے میں مسکراتا بھی ہے۔ جس شگفتہ نگار کی تحریر اس معیار پر پوری نہ اترے اسے یونیورسٹی کے نصاب میں داخل کر دینا چاہیے۔

اور جب قندھار میں سائبیریا کی زمہریری ہواوں سے درختوں پر اناروں کی بجائے برف کے لڈو لٹکتے ہیں گوالے گائے کے تھنوں سے آئس کریم دوہتے ہیں اور سردی سے تھر تھر کانپتے ہوئے انسان کے دل میں خود کو واصل جہنم کرنے کی شدید خواہش ہوتی ہے تو اہالیان قندھار کمبل سے چمٹ کر ہمسایہ ملک کی طرف غضب ناک نگاہوں سے دیکھتے ہیں۔ چھوٹے ملکوں کے موسم بھی تو اپنے نہیں ہوتے۔ ہوائیں اور طوفان بھی دوسرے ملکوں سے آتے ہیں۔ زلزلوں کا مرکز بھی سرحد پار ہوتا ہے۔

کئی دفعہ عینک توڑنے کے بعد اب ہم اسے اتار کر بے خطر کھیلنے لگے تھے۔ کھیلتے کیا تھے ہر ایک سے مینڈھے کی طرح ٹکریں لیتے پھرتے تھے۔ مخالف ٹیم میں ہمیشہ بہت پاپولر تھے۔ اس لیے کہ اپنی ہی ٹیم سے گیند چھینتے اور انھیں کو فاول مارتے پھرتے تھے۔ کھیل کے شروع میں ٹاس کیا جاتا۔ جو کپتان ٹاس ہار جاتا وہ ہمیں اپنی ٹیم میں شامل کرنے کا پابند ہوتا۔ جب تک مخالف کھلاڑی تاک کر ہمارے پاوں پر زور سے فٹ بال نہ مارے وہ ہمارے کک سے محروم ہی رہتی تھی۔

کچھ دن فٹ بال سے بھی سر مارا۔ آخری لمحہ اتصال تک یہ فیصلہ نہیں کر پاتے تھے کہ اس دفعہ فٹ بال پر اپنا دایاں پاوں ماریں یا بایاں زیادہ مناسب رہے گا۔ دودھ کے دانت ٹوٹنے سے پہلے ہی ہم خاصے دبیز شیشے کی عینک لگانے لگے تھے۔) جو حضرات ضعف بصارت سے محروم ہیں ان کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ اب کبھی ہم عینک اتار کر آئینہ دیکھتے ہیں تو بخدا اپنے کان نظر نہیں آتے (۔ آخر تم یہ پیشہ کیوں اختیار کرنا چاہتے ہو؟ کوئی معقول وجہ؟

ہم کافی نروس ہو چکے تھے۔ دو تین دفعہ زور لگانے کے بعد جو آواز آچانک ہمارے منہ سے نکلی وہ اس سے پہلے ہم نے کبھی نہیں سنی تھی۔

سیاسی مخالفت میں حقائق سے انکار

محمد سعید آرائیں

بارشیں صرف پاکستان میں ہی نہیں دنیا بھر میں ہوتی ہیں اور گھنٹوں جاری رہتی ہیں جس کے نتیجے میں سڑکیں تالاب بن جاتی ہیں

مون سون کا موسم ہر سال ہی آتا ہے اور ملک بھر میں وفاقی ہو یا صوبائی سب حکومتوں اور متعلقہ انتظامیہ کی نااہلی اور ناقص کارکردگی کی پول کھول کر رخصت ہو جاتا ہے اور مون سون کی بارشوں اور بعد میں آنے والے سیلابوں کی تباہ کاریوں کے متاثرین یہ امید رکھتے ہیں کہ موجودہ صورت حال سے سبق سیکھ کر ممکن ہے کہ آئندہ ایسے اقدامات ہو جائیں جس سے صورتحال بہتر ہو جائے، برساتی نالوں کی صفائی بروقت کروالی جائے اور نکاسی آب کے نقائص دور کر لیے جائیں گے مگر ہر سال مون سون ان کی امیدوں پر پانی پھیر دیتا ہے مگر حکومتیں اور متعلقہ انتظامیہ کی آنکھیں نہیں کھلتیں۔ لوگ پھر متاثر اور برباد بلکہ بے گھر ہو جاتے ہیں۔ متعدد جانیں بھی ضایع ہوتی ہیں مگر ذمے دار حسب سابق اپنی جیبیں بھرنے ہی میں مصروف رہتے ہیں۔

مون سون سے قبل ہی انتظامیہ کے اجلاس شروع ہو جاتے ہیں، بلند و بانگ حکومتی دعوے بھی میڈیا کی زینت بنتے ہیں مگر عملی طور پر کوئی نتیجہ سامنے نہیں آتا اور صوبائی حکومتیں اپنے عوام کو پیش آنے والی مشکلات دور کرنے کی بجائے سیاست چمکانے اور مخالفانہ بیان بازی اور الزام تراشی کو ترجیح دینے لگتی ہیں اور برساتی معاملات نظر انداز کر کے سیاسی پوائنٹ اسکورنگ شروع ہو جاتی ہے اور حالیہ مون سون بارشوں کے موقع پر بھی یہی ہو رہا ہے اور سیاسی مخالفت میں حقائق کو ماننے سے انکار سیاسی اور حکومتی رہنماں کا بنیادی اصول بن جاتا ہے۔

حقائق کی مخالفت میں خیبر پختونخوا کی حکومت کا تو کوئی ثانی نہیں ہے تاہم سندھ حکومت کے ذمے داران بھی مخالفت برائے مخالفت کے اصول کی پیروی کر رہے ہیں۔ جیسے کہ یہ مضحکہ خیز مطالبہ کہ لاہور کو وفاق کے حوالے کیا جائے، سندھ کے حکومتی ذمے دار اور پی پی رہنما اگست 2020 کی کراچی میں بارش کی تباہ کاریاں بھول گئے کہ ہفتوں میں بھی برساتی پانی کی مکمل نکاسی نہیں ہو سکی تھی۔ جانی و مالی نقصان الگ ہوا تھا۔ سیلابی پانی اندرون سندھ کو ڈبوتا ہوا کراچی کے سمندر میں چلا جاتا ہے جس سے کراچی تو متاثر نہیں ہوتا مگر اندرون سندھ میں فصلیں برباد ہو جاتی ہیں۔ پنجاب حکومت نے بارشوں اور سیلابوں کی تباہ کاریوں سے ضرور سبق سیکھ لیا ہے مگر سندھ حکومت اور کراچی کی انتظامیہ نے لگتا ہے کوئی سبق نہیں سیکھا جس کا ثبوت کراچی میں صرف نصف گھنٹے کی حالیہ بارشوں نے دے دیا ہے۔ جس پر ایم کیو ایم، جماعت اسلامی اور پیپلز پارٹی کے مخالفین کو تنقید کا موقعہ مل گیا مگر میئر کراچی سمیت سندھ حکومت کے ذمے داران ایسے تنقید سے لاتعلق ہو کر پنجاب حکومت پر تنقید اور غیر حقیقی بیان بازی میں مصروف نظر آئے۔

بارشیں صرف پاکستان میں ہی نہیں دنیا بھر میں ہوتی ہیں اور گھنٹوں جاری رہتی ہیں جس کے نتیجے میں سڑکیں تالاب بن جاتی ہیں، نشیبی علاقے اور انڈر پاسوں میں پانی جمع ہو جاتا ہے لیکن جیسے ہی بارش بند ہوتی ہے، تمام جگہوں سے پانی نکل جاتا ہے۔ حالیہ مون سون میں لاہور میں بھی ایسا ہی ہوا ہے۔ بارش کے دوران بھی سرکاری عملہ متحرک نظر آیا، ڈسپوزل پمپ چلتے رہے، سیوریج سسٹم چوک نہیں ہوا، لہٰذا بارش بند ہونے کے چند گھنٹوں کے اندر سڑکوں پر کھڑا پانی سیوریج کے اندر چلا گیا۔ پی پی چیئرمین بلاول بھٹو کے بقول زیادہ بارش ہوتی تو زیادہ پانی آتا ہے جس سے ظاہر ہے کہ سڑکیں تالاب بن جاتی ہیں اور برساتی پانی کی نکاسی شروع کر دی جاتی ہے اور یہی ملک بھر میں ہوتا ہے مگر نکاسی آب کے پیشگی انتظامات کرنے پڑتے ہیں جس کے لیے اداروں کو تمام وسائل فراہم کرنا ہر صوبائی حکومت کی ذمے داری ہوتی ہے۔

بھارت کی داخلی سیاست کا بحران

سلمان عابد

کا کروچ پارٹی جو جین زی کی صورت میں سامنے آئی ہے، اس نے پہلی بار نریندر مودی کی حکومت کو سیاسی پسپائی پر مجبور کر دیا ہے۔

کا کروچ پارٹی جو جین زی کی صورت میں سامنے آئی ہے، اس نے پہلی بار نریندر مودی کی حکومت کو سیاسی پسپائی پر مجبور کر دیا ہے۔ دہلی میں ہونے والی مودی مخالف سیاسی طاقت اور مظاہرے ظاہر کرتے ہیں کہ مودی کی سیاسی طاقت یا اقتدار پر اس کی گرفت کمزور ہو رہی ہے اور لوگ اب واقعی بھارت کی داخلی سیاست میں تبدیلی چاہتے ہیں۔ جین زی اور کا کروچ پارٹی کے مطالبہ پر وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے اپنا استعفیٰ دے دیا ہے جسے وزیر اعظم نریندر مودی نے قبول کر لیا ہے۔ لیکن تحریک یہاں رکی نہیں ہے بلکہ کا کروچ جنتا پارٹی کے سربراہ ابھجیت دیپکے نے مزید دو مطالبات رکھ دیے ہیں۔

اول امتحانی پیپر لیک کے معاملے میں جن طلبہ نے خودکشی کی ہے ان کے اہل خانہ کو عملاً ایک ایک کروڑ روپے کا معاوضہ دیا جائے۔ دوئم احتجاج میں شامل طلبہ پر تشدد کرنے والے پولیس اہلکاروں کے خلاف کاروائی کی جائے اور ساتھ ہی طلبہ پر درج کیے گئے مقدمات کا خاتمہ کیا جائے۔ اس کا مطلب ہے کہ وزیر تعلیم کے استعفیٰ کے بعد بھی کھیل ختم نہیں ہوا بلکہ ہمیں اس میں اور زیادہ شدت دیکھنے کو ملے گی۔

اہم بات یہ ہے کہ یہ تحریک جین زی اور کا کروچ جنتا پارٹی نے شروع کی مگر اس کی شکل کسی ایک پارٹی کی تصویر کی صورت میں دیکھنے کو نہیں ملی بلکہ اس میں سب حکومت مخالف قوتوں، سول سوسائٹی اور طلبہ و طالبات کی بڑی نمائندگی دیکھنے کو ملی اور خود کانگریس کے سربراہ راہول گاندھی بھی اس تحریک کا حصہ بنے۔ یہ تحریک اگرچہ امتحانی پرچہ کے لیک ہونے سے شروع ہوئی تھی مگر اس تحریک میں بھارت میں بڑھتی ہوئی کرپشن، بدعنوانی، عدم احتساب، مذہبی انتہا پسندی، ہندو مسلم دشمنی کی مخالفت سمیت ہندوتا کی سیاست پر مخالف نعرے بھی سننے کو ملے۔ مظاہرین کے بقول نریندر مودی کی حکومت اور اس کی سیاسی یا مذہبی پالیسی بھارت کو تقسیم کرنے کا سبب بن رہی ہے اور اس پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔

نریندر مودی اور بی جے پی یا آر ایس ایس نے بھارت کی سیاست میں مذہب کارڈ یا پاکستان اور مسلم دشمنی کا کارڈ خوب کھیلا ہے اور اسی کی وجہ سے ان کی سیکولر ازم کی سیاسی پہچان بھی متاثر ہوئی ہے۔ اب خود بی جے پی اور آر ایس ایس کی داخلی سطح سے بھی ایسی آوازیں اٹھ رہی ہیں کہ نریندر مودی اور بی جے پی کو اپنی موجودہ پالیسی پر نظر ثانی بھی کرنا ہوگی اور پاکستان سے تعلقات کو بھی معمول پر لانا ہوگا۔ پچھلے دنوں 103 افراد جن کا تعلق بھارت اور پاکستان سے تھا دونوں ملکوں سے مطالبہ بھی کیا کہ ہمیں تعلقات کو بہتر بنا کر عملی طور پر جنگوں اور کشیدگی کی سیاست سے باہر نکلنا ہوگا۔ اصل میں پاکستان اور بھارت سمیت جنوبی ایشیا کے دیگر ممالک میں غربت، خوراک کا بحران، بڑھتی ہوئی بے روزگاری، بری گورننس، نئی نسل کے لیے کم معاشی مواقع جیسے مسائل بڑھ رہے ہیں اور نئی نسل ان مسائل کا عملاً حل چاہتی ہے۔ یہی کچھ ہمیں بھارت کی جین زی کی سطح پر دیکھنے کو مل رہا ہے۔ اس جین زی کی بڑی طاقت ڈیجیٹل میڈیا ہے اور اس طاقت کی بنیاد پر انھوں نے خود کو ایک بڑی طاقت کے طور پر پیش کیا ہے۔ وہ بی جے پی اور نریندر مودی جس نے کانگریس کو صاف کر دیا، وہ اس جین زی کے سامنے بے بس نظر آئی اور اپنی شکست کو تسلیم کر لیا۔ اس شکست کے بعد جین زی اور کا کروچ جنتا پارٹی کو نئی امید اور حوصلہ ملا ہوگا کہ وہ مستقبل میں بھی مودی سرکار کے لیے مشکلات پیدا کر سکتے ہیں۔

نریندر مودی کے مخالفین کی پوری کوشش ہوگی کہ کا کروچ جنتا پارٹی یہاں تک محدود نہ رہے بلکہ اپنی تحریک کو نہ صرف آگے بڑھائے بلکہ اس میں مودی حکومت کے خلاف اور زیادہ شدت پیدا کر کے اس پر عملاً اپنا سیاسی دباو زیادہ سے زیادہ بڑھائے تا کہ نریندر مودی کی سیاست کو سیاسی طور پر کمزور کیا جا سکے۔ مودی کے مخالفین کو لگتا ہے کہ اس وقت یہ ہی نئی نسل مودی کو سیاسی طور پر پسپا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اگرچہ انتخابی سیاست میں نریندر مودی کی سیاست آج بھی بھاری ہے اور اس کی مخالف جماعتیں کمزور ہیں۔ لیکن یہ جو بھارت کی داخلی سطح کی سیاست میں نئے محرکات جنم لے رہے ہیں یا نئی سیاسی ڈائنمکس نئی نسل کی صورت میں سامنے آ رہی ہے وہ اگلے چند برسوں میں بھارت کی سیاست میں نمایاں تبدیلیوں کو پیدا کرنے کا سبب بنے گا۔ خود موجودہ بڑی اور چھوٹی بھارت کی سیاسی جماعتوں اور قیادت کو سوچنا ہوگا کہ آخر کیا وجہ ہے کہ ہم مودی کے خلاف کوئی بڑی مزاحمت پیدا نہیں کر سکے اور جین زی نے مختصر وقت میں مودی کو سخت یا ٹف ٹائم دیا ہے۔ ایک بحث یہ بھی ہے کہ جین زی ہو یا کا کروچ جنتا پارٹی یہ نئی نسل کا ہجوم ہے اور اس کی کوئی منظم تنظیم یا ایجنڈا نہیں۔ اسلیے یہ پانی کا بلبلا تو ہو سکتا ہے لیکن کوئی بڑی تبدیلی کا سبب نہیں بن سکتا۔

ممکن ہے کہ یہ تجزیہ درست ہو مگر اس تجزیہ کے حامی لوگوں کو یہ بات سمجھنا ہوگی کہ اب یہ جو ہمیں پرانی اور نئی سیاست یا پرانے سیاسی روائتی اور خاندانی کھلاڑیوں اور نئی نسل میں جو ٹکراو نظر آ رہا ہے وہ کم نہیں ہوگا بلکہ اور زیادہ بڑھے گا اور خود پاکستان بھی پہلے ہی اس کی لپیٹ میں ہے۔ اب طاقت کی بنیاد پر بھارت ہو یا پاکستان سمیت کوئی اور ملک لوگوں کی آواز کو دبانا آسان کام نہیں رہا۔ اس لیے نریندر مودی اور آر ایس ایس کی سخت گیر قیادت یا ہندوتا پر مبنی سیاست کا کارڈ کمزور ہو رہا ہے اور اب یہ کارڈ نئی نسل میں اہمیت اختیار نہیں کر رہا کیونکہ ان کے بڑے مسائل بری گورننس اور ان کے بنیادی حقوق سے جڑے ہوئے ہیں۔ نریندر مودی کو پاکستان کے خلاف کی جانے والی آخری مہم جوئی کا بھی بڑا سبق ملا ہے جس نے بھارت کی داخلی سیاست میں اس پر تنقید کے نئے دروازے کھول دیے ہیں اور بھارت کے لوگوں کے بقول نریندر مودی کی مہم جوئی نے پاکستان کے مقابلے میں بھارت کا مقدمہ داخلی اور عالمی سیاست میں کمزور کیا ہے۔ کا کروچ جنتا پارٹی کی تحریک کا پس منظر یہ ہے کہ اسے 16 مئی 2026 کو ابھجیت دیپکے نے قائم کی اور اس کا تعلق کسی حد تک عام آدمی پارٹی سے بھی تھا اس کی وجہ بھارت کے چیف جسٹس سوریا کانت کا 15 مئی کا بیان تھا جس میں انھوں نے بعض بے روزگار نوجوانوں اور ناقدین کو کا کروچ اور سماج کے طفیلیے قرار دیا تھا جس کا ڈیجیٹل میڈیا پر شدید ردعمل پیدا ہوا۔ یہ کوئی باقاعدہ رجسٹرڈ سیاسی جماعت نہیں بلکہ سڑکوں پر پھیلنے والی تحریک ہے۔ نوجوانوں کی یہ تحریک صرف ایک امتحانی سکینڈل تک محدود نہیں بلکہ گہرے ساختی مسائل کی عکاسی کرتی ہے۔ جن میں دیکھا جا سکتا ہے کہ نوجوانوں کی سطح پر بڑھتی ہوئی بے روزگاری جن میں 15 سے 25 برس کے نوجوانوں میں 40 فیصد ہے۔ مودی حکومت کی مسلسل 12 برس کی حکومت کے باوجود ملازمتوں اور معاشی مواقعوں کی کمی جیسے مسائل ہیں۔ اہم بات یہ ہے کہ ڈیجیٹل میڈیا کی طاقت سے عملی طور پر کا کروچ جنتا پارٹی نے آن لائن مہم کا حقیقی مظاہرہ ڈیجیٹل میڈیا اور سڑکوں پر دکھایا ہے۔ بھارت کے بیشتر سکہ بند تجزیہ نگاروں کے بقول یہ مودی کی بھارتی سیاست میں ناقابل شکست تصویر پر پہلی باقاعدہ شکست ہے یا مودی کے لیے ایک بڑا عملاً سیاسی دھچکا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ کا کروچ جنتا پارٹی ایک طنز سے شروع ہو کر نوجوانوں کے غصے کی منظم آواز بن گئی ہے۔ اب دیکھنا ہوگا کہ یہ تحریک آگے جا کر اپنے لیے کیا سیاسی راستہ نکالتی ہے اور کس حد تک مودی اور ان کے حامیوں کے لیے سیاسی مشکلات پیدا کر سکے گی۔ یہ بھی دیکھنے کی ضرورت ہے کہ کا کروچ جنتا پارٹی کے اس موجودہ طرز عمل پر بی جے پی اور نریندر مودی کیا سیاسی حکمت عملی اختیار کریں گے۔ کیونکہ انھوں نے ابھی تک جو طاقت کی حکمت عملی اختیار کی تھی وہ ناکام ثابت ہوئی ہے اور اس بات کا امکان ہے۔۔

خاموش محافظ

زاہدہ حنا

خوش آئند بات یہ ہے کہ پاکستان میں انڈس ڈیلٹا بلیو کاربن منصوبہ دنیا کے بڑے مینگروز بحالی منصوبوں میں شمار ہوتا ہے۔

26 جولائی کو دنیا بھر میں مینگروز کے تحفظ کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ یہ محض ایک ماحولیاتی دن نہیں بلکہ ہمیں اس خاموش دنیا کی یاد دلاتا ہے جو نہ نعرے لگاتی ہے نہ احتجاج کرتی ہے مگر ہماری بقا کے لیے ہر لمحہ اپنی زندگی قربان کرتی رہتی ہے۔ سمندر اور زمین کے سنگم پر کھڑے یہ درخت صدیوں سے طوفانوں کا مقابلہ کرتے آئے ہیں، ساحلوں کو کٹا سے بچاتے ہیں، ہزاروں آبی جانداروں کو پناہ دیتے ہیں اور فضا سے کاربن جذب کر کے زمین کے بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کے خلاف ایک قدرتی حصار بن جاتے ہیں۔

پاکستان ان خوش قسمت ممالک میں شامل ہے جہاں دنیا کے بڑے مینگروز جنگلات موجود ہیں۔ سندھ کے ساحل اور دریائے سندھ کا ڈیلٹا ان درختوں کا اصل گھر ہے۔ یہ حقیقت بھی کسی المیے سے کم نہیں کہ انھی جنگلات نے گزشتہ کئی دہائیوں میں بے دریغ کٹائی، میٹھے پانی کی کمی، آلودگی اور انسانی غفلت کا سامنا کیا ہے، اگر قدرت نے اپنی قوت مدافعت نہ دکھائی ہوتی اور کچھ ادارے ان کی بحالی کے لیے سرگرم نہ ہوتے تو شاید آج یہ سب صرف تاریخ کی کتابوں کا حصہ ہوتے۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ پاکستان میں انڈس ڈیلٹا بلیو کاربن منصوبہ دنیا کے بڑے مینگروز بحالی منصوبوں میں شمار ہوتا ہے۔ اس منصوبے نے یہ ثابت کیا ہے کہ اگر نیت اور منصوبہ بندی درست ہو تو ماحولیات کا تحفظ صرف ایک اخلاقی ذمے داری نہیں رہتا بلکہ قومی معیشت کا بھی ایک اہم ذریعہ بن سکتا ہے، انھی مینگروز کی بدولت پاکستان نے کاربن کریڈٹس کی صورت میں قیمتی زر مبادلہ بھی حاصل کیا ہے اور مستقبل میں اس کے امکانات کہیں زیادہ وسیع ہیں۔ کاربن کریڈٹ دراصل اس دنیا کی ایک نئی معاشی حقیقت ہے جو ماحولیاتی تبدیلیوں کے دباو میں جنم لے رہی ہے، جو ممالک یا ادارے فضا سے کاربن کم کرنے میں کامیاب ہوتے ہیں وہ اس کامیابی کو عالمی منڈی میں معاشی قدر میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ پاکستان کے مینگروز اس اعتبار سے سونے کی کان نہیں تو کم از کم سبز دولت ضرور ہیں، لیکن سوال یہ ہے کہ اس دولت کا فایدہ کس کو پہنچ رہا ہے؟ مقامی آبادی کو ماہی گیروں کو یا صرف چند اداروں اور کمپنیوں کو۔

یہ سوال اس لیے بھی اہم ہے کہ قدرتی وسائل پوری قوم کی مشترکہ امانت ہوتے ہیں، اگر ان سے حاصل ہونے والی آمدنی، معاہدوں کی تفصیلات، کاربن کریڈٹس کی قیمت، ان کی فروخت کا طریقہ کار اور حاصل شدہ رقوم کے استعمال کی معلومات عوام سے پوشیدہ رہیں تو پھر شکوک و شبہات جنم لیتے ہیں۔ ماحولیات کے نام پر ہونے والا ہر منصوبہ اتنا ہی شفاف ہونا چاہیے جتنا ایک صاف دریا کا پانی۔

شفافیت صرف احتساب کا تقاضا نہیں اعتماد کی بنیاد بھی ہے، اگر حکومت، متعلقہ ادارے، نجی کمپنیاں اور عالمی شراکت دار مکمل معلومات عوام کے سامنے رکھیں، مقامی کمیونٹیز کو فیصلوں میں شریک کریں اور آمدنی کا ایک معقول حصہ انھی علاقوں کی ترقی، تعلیم، صحت اور ماحول کی بحالی پر خرچ کریں تو یہ منصوبے آنے والی نسلوں کے لیے مثال بن سکتے

بقیہ 1

حرکت کرنے، عوامی اجتماعات، جلوس نکالنے اور غیر ضروری سفر پر مکمل پابندی ہوگی۔ محکمہ داخلہ کے مطابق ڈپٹی کمشنر کو شہری کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ سرکاری ملازمین، کھی عملے، ریسکیو سروسز اور یوٹیلٹی سروسز سے وابستہ ملازمین کو ضرورت کے مطابق کرفیو سے استثنیٰ دے سکے۔ حکومت نے واضح کیا ہے کہ کرفیو کے دوران امن وامان برقرار رکھنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے الرٹ رہیں گے، جبکہ کرفیو کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر حکومتی احکامات پر مکمل عمل درآمد کریں، غیر ضروری نقل و حرکت سے گریز کریں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔

بقیہ 2

گہری تشویش ہے، امریکا اور ایران کے گزشتہ ماہ طے پانے والی مفاہمتی یادداشت پر مکمل عمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب اور تجارتی بحری جہازوں پر حملوں کی مذمت کرتے ہیں، سعودی عرب کو صبح تر تنازع میں گھسیٹنے کی کوششیں باعث تشویش ہیں۔ عاصم افتخار کا کہنا تھا کہ سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کیلئے پاکستان کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں، فلسطین پر اسرائیلی قبضہ برقرار رہنے تک مشرق وسطی میں پائیدار امن ممکن نہیں۔

بقیہ 3

متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی اجلاس کے آغاز میں مختلف واقعات میں شہید ہونے والے سیکیورٹی فورسز کے افسران واہلکاروں اور سویلین شہداء کے درجات کی بلندی، مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی صوبائی کابینہ نے محنت کش طبقے کے بچوں کو معیاری تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے لیے چیف منسٹر اسکالرشپ پروگرام کے فیز تھری کی منظوری دی، جس کے تحت بلوچستان کے رجسٹرڈ مزدوروں کے 300 بچوں کو اسلام آباد کے معیاری بورڈنگ اسکول میں داخلہ دیا جائے گا تاکہ انہیں اعلیٰ معیاری تعلیم اور بہتر مستقبل کے مواقع میسر آسکیں بلدیاتی اداروں کو مزید فعال بنانے کے لیے کابینہ نے یونین کونسل میمی زئی اور یونین کونسل مئی زئی کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینے جبکہ گلستان میں نئی میونسپل کمیٹی کے قیام کی منظوری دی امن وامان کے نظام کو مزید مضبوط اور موثر بنانے کے لیے صوبائی کابینہ نے لیویز فورس کے پولیس میں انضمام کے بعد پورے صوبے کو باقاعدہ پولیس ایریا قرار دینے کی منظوری دے دی۔ کابینہ نے ایس پی نبیل احمد کو بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کا چیف آپریٹنگ آفیسر تعینات کرنے کی بھی منظوری دی، جبکہ ہوم ڈیپارٹمنٹ کی سفارشات کے مطابق پیرول بورڈ کی تشکیل کی منظوری بھی دے دی گئی کابینہ نے ضلع حب کے ماربل سٹی کے مقام پر نئے پولیس اسٹیشن کے قیام کی منظوری بھی دی تاکہ صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کے تحفظ اور قانون نافذ کرنے کے نظام کو مزید موثر بنایا جاسکے اجلاس میں صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی بہتر منصوبہ بندی اور موثر عملدرآمد کے لیے بلوچستان پلاننگ میٹرک کی منظوری دی گئی۔ اسی طرح بچوں کے حقوق اور تحفظ کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کے لیے بلوچستان چائلڈ پروٹیکشن روڈ 2026 کی منظوری بھی دی گئی، جسے اس شعبے میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا صوبائی کابینہ نے بلوچستان کیڈٹ کالج ترمیمی ایکٹ 2026 کی منظوری بھی دی، جبکہ محکمہ پراسیکیوشن کی سفارشات کی روشنی میں پراسیکیوٹر جنرل کی کنٹریکٹ مدت ملازمت میں مزید دو سال کی توسیع کی منظوری دی گئی سرکاری خریداری کے نظام میں شفافیت، مسابقت اور موثر مالی نظم ونسق کو فروغ دینے کے لیے بلوچستان ہاہمز ڈیٹ پروکیورمنٹ پالیسی 2026 کی منظوری دی گئی، جبکہ کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ کے سروس لیول ایگریمنٹ کی بھی منظوری دے دی گئی تاکہ منصوبے پر بروقت اور موثر عملدرآمد یقینی بنایا جاسکے ترقیاتی شعبے میں کابینہ نے ہرنائی۔ سبی روڈ کے فائننگ پروپوزل کی منظوری دی، جبکہ گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے گریڈ 1 تا 21 کے سروس رولز 2024 کی بھی منظوری دی گئی جبکہ محکمہ ریونیو کی سفارشات پر ضلع قصر آباد میں نئی تحصیل و سب ڈویژن کی منظوری بھی دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی کابینہ کے فیصلوں کا مقصد عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی، گڈ گورننس کا فروغ، امن و امان کی مزید بہتری، ترقیاتی عمل میں تیزی اور صوبے میں موثر انتظامی ڈھانچے کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی فلاح و بہبود کے ایجنڈے پر پوری سنجیدگی سے عمل پیرا ہے اور کابینہ کے تمام فیصلوں پر بروقت اور موثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 4

کام ہو رہی ہے۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے ہدایت کی کہ سست ڈرائی پورٹ اور خنجراب بارڈر ٹرمینل کو پاکستان کی برآمدات اور علاقائی تجارتی روابط کے اسٹریٹجک مراکز کے طور پر مزید وسعت دی جائے تاکہ بین الاقوامی تجارت کو جدید سہولیات کے ذریعے فروغ دیا جاسکے۔ وفاقی وزیر نے عالمی منڈی اور بین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تقاضوں سے ہم آہنگ بین الاقوامی معیاری ڈرائیونگ اکیڈمی کے قیام پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اکیڈمی میں پیشہ ورانہ ڈرائیونگ کے ساتھ غیر ملکی زبانوں کی تربیت بھی فراہم کی جائے تاکہ پاکستانی ڈرائیورز سرحد پار لاجسٹکس اور بین الاقوامی سپلائی چین میں موثر انداز میں خدمات انجام دے سکیں۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ آج کے دور میں لاجسٹکس صرف سامان کی ترسیل کا نام نہیں بلکہ یہ قومی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی، پائیدار سپلائی چین کی بنیاد اور اقتصادی ترقی کا ایک اسٹریٹجک ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ "اڑان پاکستان" کے اہداف، خصوصاً برآمدات پر مبنی معاشی نمو، صنعتی مسابقت اور علاقائی روابط کے فروغ کے لیے جدید، مربوط اور ٹیکنالوجی سے آراستہ لاجسٹکس نظام ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کو جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، چین اور مشرق وسطیٰ کے درمیان تجارت اور لاجسٹکس کا مرکزی مرکز بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے بنیادی ڈھانچے، جدید ٹرانزٹ سہولیات اور انسانی وسائل کی ترقی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔

بقیہ 5

پارلیمانی طریقہ اختیار کرنا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ اپوزیشن کی جماعتیں خود پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلی کا حصہ ہیں، اس لیے وہ باقاعدہ لابنگ کریں اور اسمبلی میں بل پیش کرکے اس معاملے کو آئینی و قانونی طریقے سے آگے بڑھائیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ حکومت مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ ہے، تاہم ہر معاملہ قانون اور آئین کے دائرے میں رہ کر ہی حل کیا جائے گا۔ انہوں نے اپوزیشن پر زور دیا کہ احتجاج کے بجائے پارلیمانی فورمز پر اپنا مؤقف کرارادا کرے تاکہ عوامی مسائل کا دیرپا حل ممکن بنایا جاسکے۔

بقیہ 6

اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ای سیکٹر کو آسان مالیاتی سہولیات، جدید ٹیکنالوجی اور کاروباری معاونت فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے، حکومت کاروباری برادری خصوصاً مائیکرو، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے لئے سازگار ماحول فراہم کر رہی ہے، ایس ایم ایز کے فروغ سے روزگار کے مواقع، برآمدات اور صنعتی پیداوار میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ معاون خصوصی نے کہا کہ مضبوط ایس ایم ای سیکٹر ہی پائیدار معاشی ترقی اور صنعتی خوشحالی کی ضمانت ہے۔ ملاقات میں فاروق ستار نے ایس ایم ای سیکٹر کی ترقی کے لئے حکومت کے اقدامات کو سراہا اور مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 7

ہیں۔ راولاکوٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ایس ایس پی خاور علی شوکت نے کہا کہ شرپسندوں کے حملوں میں 1 رینجرز اہلکار شہید ہوا ہے جبکہ گرفتار ملزمان سے جدید اسلحہ برآمد ہوا ہے۔ ایس ایس پی خاور علی نے کہا کہ شرپسندوں کے تانے بانے کسی اور جگہ سے ملتے ہیں، انہیں کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور اداروں پر حملہ کسی صورت قبول نہیں، ملک دشمن عناصر کی جانب سے سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا کیا جارہا ہے۔ ایس ایس پی خاور علی نے کہا کہ شرپسند عناصر آزاد کشمیر کے امن کو متاثر کرنا چاہتے ہیں، قانون نافذ کرنے والے ادارے مسلح جتھوں کے خلاف کارروائیاں کر رہے ہیں، ریاستی اداروں نے ہمیشہ تحمل کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے امن کو کسی صورت تباہ نہیں ہونے دیں گے، پولیس نے متعدد شرپسند عناصر کو گرفتار کرلیا ہے۔

بقیہ 8

ورچوئل طور پر منصوبے کا افتتاح کیا، جبکہ مقامی سطح پر وفاقی وصوبائی وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ضلعی انتظامیہ اور دیگر اعلیٰ حکام نے تقریبات میں شرکت کی۔ ضلع قصور میں منعقدہ افتتاحی تقریب میں وفاقی وزیر مملکت برائے فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ ملک رشید احمد خان ایڈووکیٹ، صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان، رکن قومی اسمبلی میاں سعد وسیم شیخ ایڈووکیٹ، ممبران صوبائی اسمبلی حاجی محمد نعیم صفدر انصاری ایڈووکیٹ، چوہدری احسن خان، محمد الیاس گجر، حاجن صفیہ سعید، ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا، ڈی پی او قصور آفتاب احمد بھلروان سمیت دیگر اعلیٰ حکام، سیاسی و سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گرین بس سروس صرف ایک ٹرانسپورٹ منصوبہ نہیں بلکہ عوام کی زندگی میں آسانیاں پیدا کرنے کا ایک جامع اقدام ہے۔ ہماری حکومت کا عزم ہے کہ پنجاب کے ہر شہر کے شہریوں کو جدید، محفوظ، ماحول دوست اور معیاری سفری سہولیات میسر ہوں۔ عوام کی خدمت، سہولت اور فلاح ہی ہماری اولین ترجیح ہے۔ جدید پبلک ٹرانسپورٹ کا یہ نظام شہریوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے، ٹریفک کے مسائل میں کمی لانے اور ماحول کو آلودگی سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت صوبے بھر میں عوامی فلاح کے منصوبوں کا دائرہ مزید وسیع کر رہی ہے تاکہ شہریوں کو معیاری سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جاسکیں اور ترقی کے ثمرات ہر ضلع تک یکساں طور پر پہنچیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ گرین بس سروس کے آغاز سے قصور سمیت دیگر اضلاع کے شہریوں کو جدید، آرام دہ، محفوظ اور کم لاگت سفری سہولت میسر آئے گی، جبکہ ماحولیاتی تحفظ، ایندھن کی بچت اور پائیدار شہری ٹرانسپورٹ کے فروغ میں بھی نمایاں پیش رفت ہوگی۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ ضلع قصور کے لیے ابتدائی مرحلے میں پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی کے زیر انتظام فوٹونگ کمپنی کی 11 جدید، ایئر کنڈیشنڈ اور ماحول دوست بسیں فراہم کی گئی ہیں۔ گرین بس سروس کو قصور میں دو روٹس پر چلایا جائے گا۔ پہلا روٹ جنرل بس اسٹینڈ تا نجومتہ جبکہ دوسرا روٹ جنرل بس اسٹینڈ تا کھڈیاں ہوگا۔ یہ سروس روزانہ صبح 00:6 بجے سے رات 00:9 بجے تک دستیاب ہوگی، جبکہ تمام روٹس کے لیے کرایہ صرف 20 روپے مقرر کیا گیا ہے تاکہ ہر طبقہ فکر کے شہری اس جدید سفری سہولت سے مستفید ہوسکیں۔ تقریب کے اختتام پر مہمانان خصوصی نے گرین بس سروس کا باقاعدہ افتتاح کیا، بسوں کا معائنہ کیا اور متعلقہ حکام سے منصوبے کی آپریشنل تیاریوں، مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات، روٹس اور دیگر انتظامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے گرین بس سروس کو ضلع قصور کے لیے ایک تاریخی تحفہ قرار دیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ یہ منصوبہ شہریوں کو باوقار، محفوظ، آرام دہ اور معیاری سفری سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ جدید شہری ٹرانسپورٹ کے فروغ میں بھی ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔

بقیہ 9

کے مطابق بلوچستان کے ضلع نوشکی میں بی ایم جس کی بنیاد پر متعدد کارروائیاں کی گئیں، نوشکی میں شدید فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے 8 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ کارروائیوں میں سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا، دہشت گردوں کے زیر استعمال اسلحہ، گولہ بارود، آئی ای ڈیز بھی برآمد کرلی گئیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کسی بھی بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد کے خاتمے کے لیے آپریشنز جاری ہیں، جن کا مقصد دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا مکمل خاتمہ کرنا ہے۔

بقیہ 10

پاکستانی بندرگاہوں کے ذریعے دوطرفہ تجارت کے فروغ، شپنگ، تجارتی سہولت کاری اور علاقائی روابط بہتر بنانے سمیت بحری تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ محمد جنید انوار چوہدری نے پاکستان اور قازقستان کے تعلقات مضبوط بنانے میں سفیر یرزبان کستافین کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان بحری شعبے میں تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان قازقستان کے ساتھ بندرگاہوں، شپنگ، تجارت میں سہولت کاری اور علاقائی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کا خواہاں ہے، جبکہ مضبوط بحری روابط دونوں ممالک کے کاروباری حلقوں کے لیے نئے مواقع پیدا کرسکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر کے ذریعے قازق کارگو کے لیے بندرگاہی سہولیات اور معاونت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے، جبکہ فری زونز میں مشترکہ منصوبوں کے امکانات بھی تلاش کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی بندرگاہیں قازقستان اور وسطی ایشیا کے دیگر ممالک کے لیے ٹرانزٹ ہب کا کردار ادا کرتے ہوئے خلیجی ممالک، افریقہ اور جنوب مشرقی ایشیا کی منڈیوں تک رسائی فراہم کرسکتی ہیں۔ قازق سفیر نے دوطرفہ تجارت بڑھانے کے وسیع امکانات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بحری اور بندرگاہی شعبوں میں قریبی تعاون سے تجارت کے نئے راستے کھل سکتے ہیں۔ ملاقات میں ادارہ جاتی روابط مضبوط بنانے اور پاکستانی بندرگاہوں کے ذریعے قازق تجارت کو آسان بنانے کے لیے عملی اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 11

والے بہادر ڈی ایس پی مرید بگٹی قوم کا فخر ہیں۔ ڈی ایس پی مرید بگٹی شہید کی عظیم قربانی کو سلام۔ قوم بلوچستان پولیس کے بہادر سپوت کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کا ڈی ایس پی مرید بگٹی شہید کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ 12

کے باعث صحت، تعلیم، روزگار اور دیگر بنیادی سہولیات پر مزید دباؤ بڑھے گا۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی آبادی پر قابو پانے کے لیے انفرادی شعور، سماجی ذمہ داری اور مؤثر آگاہی مہمات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ ڈاکٹر مختار بھرتھ نے کہا کہ ماں کی صحت ایک مضبوط، صحت مند اور خوشحال خاندان کی بنیاد ہے، لہٰذا زچہ و بچہ کی صحت اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کو مزید موثر اور قابل رسائی بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آبادی میں اضافے پر قابو پانے کے لیے نیشنل کونسل تشکیل دی ہے، جو اس قومی مسئلے سے نمٹنے کے لیے مربوط حکمت عملی پر کام کر رہی ہے۔ وزیر مملکت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وفاقی وزارت قومی صحت، متعلقہ اداروں اور شراکت دار تنظیموں کے تعاون سے زچہ و بچہ کی صحت کے فروغ اور خاندانی منصوبہ بندی کی سہولیات کی فراہمی کو مزید مضبوط بنایا جائے گا تاکہ ملک میں صحت مند خاندانوں اور متوازن آبادی کے ہدف کو حاصل کیا جاسکے۔

بقیہ 13

کہا ہے کہ میرے پاس انتخابی بے ضابطگیوں کے واضح ویڈیو شواہد موجود ہیں، تاہم الیکشن کمیشن نے 48 گھنٹے گزرنے کے باوجود کوئی نوٹس نہیں لیا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پرویز اشرف نے کہا کہ 27 جولائی کو کوٹلی میں بھی انہوں نے میرپور الیکشن کے حقائق عوام کے سامنے رکھے تھے، مگر مسلم لیگ (ن) نے ان کی پریس کانفرنس کا تمسخر اڑایا جبکہ ہم الزامات کے بجائے حقائق اور شواہد پیش کر رہے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ انتخابات میں ان کے امیدواروں کیساتھ زیادتی ہوئی اور ووٹ جلانے سمیت متعدد بے ضابطگیوں کی ویڈیوز موجود ہیں۔ پرویز اشرف نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے امیدواروں نے چیف الیکشن کمشنر کو درخواستیں دے کر متنازع حلقوں کے نتائج روکنے اور شواہد کا جائزہ لینے کا مطالبہ کیا تھا، لیکن اب تک کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔ میرپور ڈویژن کے انتخابات میں بڑے پیمانے پر دھاندلی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ اہل اے 12 میں رجسٹرڈ ووٹوں کی تعداد 785 تھی، جہاں مخالف امیدوار کو 639 ووٹ جبکہ پیپلز پارٹی کے امیدوار چوہدری یاسین کیلئے صرف 12 ووٹ درج کیے گئے، جبکہ ریکارڈ میں تمام ووٹ کاسٹ ظاہر کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ سرحد دو ووٹرز بیرون ملک تھے، اس کے باوجود 100 فیصد پولنگ دکھائی گئی اسی طرح ایل اے 15 میں بھی تمام ووٹ کاسٹ ہونے کا دعویٰ کیا گیا اور ایک بھی ووٹ مسترد نہیں ہوا، جو سوالیہ نشان ہے۔ سابق وزیراعظم نے چیف الیکشن کمشنر سے مطالبہ کیا کہ پیش کیے گئے شواہد کا فوری جائزہ لیا جائے، جبکہ چیف جسٹس آزاد کشمیر سے اپیل کی کہ وہ مبینہ انتخابی بے ضابطگیوں کا ازخود نوٹس لیں۔ انہوں نے کہا کہ متنازع حلقوں میں نتائج پر نظر ثانی کی جائے تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہوسکے۔ پرویز اشرف نے کہا کہ آزاد کشمیر کے انتخابات کے مزید دو مراحل کیم اور 10 اگست کو ہونے ہیں، اس لیے انتخابی عمل کی شفافیت کو یقینی بنایا جائے تاکہ کسی قسم کے تنازع سے بچا جاسکے۔

بقیہ 14

تبادلہ خیال کیا گیا۔ محمد جنید انوار چوہدری نے پاکستان اور قازقستان کے تعلقات مضبوط بنانے میں سفیر یرزبان کستافین کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان بحری شعبے میں تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان قازقستان کے ساتھ بندرگاہوں، شپنگ، تجارت میں سہولت کاری اور علاقائی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کا خواہاں ہے جبکہ مضبوط بحری روابط دونوں ممالک کے کاروباری حلقوں کے لیے نئے مواقع پیدا کرسکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر کے ذریعے قازق کارگو کے لیے بندرگاہی سہولیات اور معاونت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے، جبکہ فری زونز میں مشترکہ منصوبوں کے امکانات بھی تلاش کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی بندرگاہیں قازقستان اور وسطی ایشیا کے دیگر ممالک کے لیے ٹرانزٹ ہب کا کردار ادا کرتے ہوئے خلیجی ممالک، افریقہ اور جنوب مشرقی ایشیا کی منڈیوں تک رسائی فراہم کرسکتی ہیں۔ قازق سفیر نے دوطرفہ تجارت بڑھانے کے وسیع امکانات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بحری اور بندرگاہی شعبوں میں قریبی تعاون سے تجارت کے نئے راستے کھل سکتے ہیں۔ ملاقات میں ادارہ جاتی روابط مضبوط بنانے اور پاکستانی بندرگاہوں کے ذریعے قازق تجارت کو آسان بنانے کے لیے عملی اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 15

سرکاری سیم کا کوٹہ 60 فیصد جبکہ پرائیویٹ سیم کا کوٹہ 40 فیصد ہوگا، وفاقی کابینہ کو میں ردوبدل کا اختیار ہوگا۔ بدھ کو وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا کے ہمراہ پریس کانفرنس میں حج پالیسی کا اعلان کیا۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ کی پہلی چار سالہ حج پالیسی 2027 تا 2030، قوم کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ یہ صرف ایک پالیسی نہیں بلکہ حج انتظامات میں ایک بنیادی اور دیرپا اصلاحات کا آغاز ہے، جس کا مقصد عازمین حج کو زیادہ سے زیادہ سہولت، شفافیت، احترام اور معیاری خدمات فراہم کرنا ہے۔ یہ پالیسی وزیراعظم محمد شہباز شریف کی دوراندیش قیادت، خصوصی رہنمائی اور ذاتی دلچسپی کا عملی مظہر ہے۔ وزیراعظم کی واضح ہدایات تھیں کہ حج کے پورے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کیا جائے، شفافیت کو یقینی بنایا جائے اور ہر مرحلے پر عازمین کی سہولت کو اولین ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس وژن کو ایک جامع، قابل عمل اور مستقبل پر مبنی پالیسی کی صورت میں قوم کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ انہوں نے وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی اور نیشنل آئی ٹی بورڈ کی پوری ٹیم کو بھی خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے وزارت مذہبی امور کے ساتھ قریبی تعاون کرتے ہوئے حج کے نظام کو جدید ڈیجیٹل بنیادوں پر استوار کرنے میں غیر معمولی کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ رجسٹریشن سے لے کر مانیٹرنگ، شکایات کے ازالے اور بعد از حج جائزے تک ڈیجیٹل نظام کی تشکیل حکومت کے اس عزم کا مظہر ہے کہ عوام کو تیز، شفاف اور آسان خدمات فراہم کی جائیں۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ چار سالہ پالیسی نہ صرف آئندہ کئی برسوں کے لیے بہتر منصوبہ بندی کو ممکن بنائے گی بلکہ پاکستان کے حج انتظامات کو عالمی معیار سے ہم آہنگ کرتے ہوئے لاکھوں عازمین کے اعتماد کو مزید مضبوط کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پہلی بار چار سالہ حج رجسٹریشن اور ویٹنگ لسٹ کا نظام متعارف کرایا جارہا ہے، تاکہ عازمین اپنی سہولت کے مطابق پہلے سے حج کا سال منتخب کر سکیں۔ رہائش، ٹرانسپورٹ، کیٹرنگ، فضائی سفر اور سامان کی ترسیل کے لیے تین سے چار سال کے معاہدے کیے جاسکیں گے، جس سے سہولیات کا معیار بہتر اور اخراجات کم ہوں گے۔ حج کے تمام مراحل، رجسٹریشن سے لے کر شکایات کے ازالے اور بعد از حج جائزے تک، مکمل طور پر ڈیجیٹل نظام کے تحت انجام دیے جائیں گے۔ سال 2027 سے 2030 تک سرکاری اور نجی حج اسکیم کا کوٹہ بالترتیب 60 اور 40 فیصد برقرار رکھا جائے گا، جب تک وفاقی کابینہ اس میں کوئی تبدیلی نہ کرے۔ حکومت بتدریج براہ راست حج انتظامات کرنے کے بجائے نگرانی، ریگولیشن اور معیار کو یقینی بنانے کا کردار ادا کرے گی، جبکہ نجی شعبے کی شمولیت میں اضافہ ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عازمین حج رجسٹریشن کے وقت انداز حج اخراجات کا 10 فیصد جمع کروا کر اپنی پسند کے سال کے لیے رجسٹر ہو سکیں گے۔ حج کے لیے انتخاب مکمل طور پر شفاف ڈیجیٹل ویٹنگ لسٹ کے ذریعے "پہلے آئیں، پہلے پائیں" کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ سرکاری حج سکیم کے تحت مختلف دورانیے کے متعدد حج پیکیج متعارف کرائے جائیں گے، تاکہ عازمین اپنی ضرورت اور سہولت کے مطابق انتخاب کرسکیں۔ تمام خریداری اور معاہدے پاکستان اور سعودی عرب میں سرکاری خریداری کے قواعد کے مطابق شفاف طریقے سے کیے جائیں گے۔ حج آپریشن مکمل ہونے کے بعد اگر جمع شدہ رقم واجبات میں سے کچھ رقم بچے گی تو وہ عازمین حج کو واپس کردی جائے گی۔ سرکاری اور نجی دونوں حج انتظامات کا آزادانہ تھرڈ پارٹی کے ذریعے غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے گا تاکہ خدمات کے معیار کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔ نجی حج کمپنیوں کی رجسٹریشن اور نگرانی، ان کی کارکردگی اور سہولیات کے مقررہ معیار پر عمل درآمد کی بنیاد پر ہوگی، صرف کوٹہ کی بنیاد پر نہیں۔ تمام نجی حج کمپنیوں کے لیے پرائیویٹ حج مینجمنٹ پورٹل کا استعمال لازمی ہوگا، جس کے ذریعے بکنگ، ادائیگیاں، نگرانی اور آڈٹ مکمل طور پر ڈیجیٹل انداز میں ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حج کی تمام ادائیگیاں صرف حکومت کے مقرر کردہ بینکاری ذرائع سے کی جائیں گی، جس سے شفافیت اور مالی تحفظ یقینی ہوگا۔ عازمین کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے جدید ڈیجیٹل شکایت نظام، مؤثر نگرانی اور اپیل کا باقاعدہ نظام متعارف کرایا جارہا ہے۔ معاونین حج کے انتخاب کے لیے کابینہ کمیٹی کی جانب سے مکمل طور پر میرٹ پر مبنی جامع معیار وضع کیا جائے گا تاکہ بہترین افراد کا انتخاب ممکن ہو۔ عازمین حج کی تربیت کو مزید مؤثر بنایا جائے گا، جس میں مناسک حج، موبائل ایپس، صحت، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور سعودی قوانین سے آگاہی شامل ہوگی۔ حجاج محافظ اسکیم برقرار رکھی جائے گی، جس کے تحت دوران حج وفات، حادثے یا ہنگامی انخلا کی صورت میں مالی معاونت فراہم کی جائے گی۔ ہنگامی حالات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے ایمرجنسی مینجمنٹ سسٹم اور ایمرجنسی رسپانس ٹیم قائم کی جائے گی۔ نئی حج پالیسی کو سعودی ویژن 2030 اور بین الاقوامی معیاری طریقہ کار سے ہم آہنگ بنایا گیا ہے، تاکہ شفافیت، ڈیجیٹل نظام، جوابدہی اور عازمین کو بہترین سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ میں پورے یقین کے ساتھ کہتا چاہتا ہوں کہ حج پالیسی 2027 تا 2030، پاکستان میں حج انتظامات کے ایک نئے باب کا آغاز ہے۔ یہ پالیسی شفافیت، میرٹ، ڈیجیٹل گورننس، جوابدہی اور عازمین کی فلاح کو بنیاد بنا کر تیار کی گئی ہے۔ ہمارا مقصد صرف انتظامات کرنا نہیں بلکہ ہر پاکستانی عازم حج کو ایسا باعتماد، آسان اور باوقار سفر فراہم کرنا ہے جو اس عظیم عبادت کے شایان شان ہو، میں ایک مرتبہ پھر وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جن کی مسلسل رہنمائی، بھرپور سرپرستی اور خصوصی توجہ نے ان اہم اصلاحات کو عملی شکل دی۔ اسی طرح نیشنل آئی ٹی بورڈ اور سیکرٹری وزارت مذہبی امور اور ان کی تمام ٹیمیں مبارکباد کی مستحق ہیں جنہوں نے شب و روز محنت کرکے ایک جدید، شفاف اور مؤثر حج نظام کی بنیاد رکھی۔ ایک سوال کے جواب میں وزیر مذہبی امور کا کہنا تھا کہ ابتدائی طور پر حج اخراجات کا تخمینہ 12 سے 13 لاکھ لگایا گیا ہے اس میں ردوبدل بھی ہوسکتا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا نے کہا کہ پرائیویٹ ٹور آپریٹر کے حج کوٹے کی تعداد کم سے کم دو ہزار ہوگی اور زیادہ سے زیادہ تین ہزار ہوگی پرائیویٹ سکیم کا کوئی بھی حاجی براہ راست ٹور آپریٹر کو ادائیگی نہیں کرسکے گا بلکہ وہ ادائیگی بھی ان لائن پورٹل کے ذریعے کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ 10 سے 15 دنوں میں حج درخواستوں کی وصولی شروع ہوگی اور رقم دو اقساط میں وصول کی جائے گی۔ وزارت مذہبی امور حاجیوں کیلئے سیونگ سکیم کا بھی جلد اعلان کرے گی۔ ایک سوال کے جواب میں وزیر مذہبی امور س